لہو آلودہ کفن کر غسل نہ دیجے باز

موزہ سلاح اور پوستین تن سی کھولین سووے
کفن زیادہ کم کرین جون کر پورا ہووے

کھاوے پیوے زخم سے دار دنگا وی سووے
خیمہ لاوے بعد کو سووہ مومنی ہووے

یا مارا جاوے شہر مین قاتل نجانی کووے
یا وہ حد قصاص مین مارا جاوے سووے

اتنے عمل سے شرع مین ویسا شہید نہ مان
غسل کفن نماز کر جو مردہ ہو پہچان

دربیان صیام ماہ رمضان گوید

روزے ماه رمضان کے جو کوئی کرے ادا
چھوڑے سخت عذاب سے پاوے بہت جزا

تیس یا انتیس دن روزے ماه رمضان
نیت ہر دن فرض ہے یہ مسئلہ پہچان

نیت شب کو شرط ہے زوال تائین جان
نذر معین نفل سے اور روزه ماه رمضان

نیت روزه رات کو جو تو واقف ہوے
کفارت قضا کی واسطے اور نذر مطلق ہوے

روزه شک مکروه ہے نذر نہ دھر زنہار
دوپہر تائین خبر سے چھوڑن کر افطار

بدلی ہو شعبان مین یا ہو بہت غبار
ایک عادل کی خبر سے روزه شک بدار

ماه شوال اور ذی الحجہ مین خبر دو عادل جان
بدلی غبار سول نہو خبر جماعت مان

کھانے پینے وطی سے روزه فاسد ہوے
پھر روزه قضا کرے کفارت دیوے سوے

روزه دھرے دو ماه کے یا ایک برده کرے آزاد
یا دو ماه مسکین کو طعام دیوے مراد

فراموشی سے کے عمل سے روزه ثابت جان
روزه نہ جاوے شرع مین یہ مسئلہ پہچان

جو سرمہ دیوے آنکھ مین یا لہو کٹاوے سوے
غبار جاوے حلق مین روزه تباه نہوے

منی نازل ہو نظر سے یا احتلام ہو جاے
تیل ملے یا سر دھووے گو رات بیچکا کھاے

بغیر فرج کے وطی کرے چوپایہ وسے نال
یا مرده نال وطی کرے جو ہووے انزال

بوسے سے بھی انزال ہو یا کچھ چکھے سوے
یا کچھ چابے دانت سے نان عقل کو توے

خوشبوئی کو سونگھنے سے روزه تباه نہ جان
اتنے عمل سے مومنان روزه ثابت مان

در بیان شکنندۂ روزه گوید

جس سے روزه تباه ہو سو بھی لے پہچان
لوہے پتھر کے نگلنے سے روزه فاسد جان

گمان رات کے اٹھکر کھاوے روزه جاے
تو در روزه قضا کرے اسمین نہ کفارت آئے

بغیر فرج کی وطی سے یا چوپایہ دسے نال
روزه جاوے پھر کرے جو ہووے جب انزال

بوسہ لیتے انزال ہو یا مساس کرے سوے
روزه جاوے پھر کرے جو تو واقف ہوے

دماغ شکم کے گھاؤ مین دارو ڈالے کوے
مضمضے سے حلق مین پانی داخل ہوے

اک کان کی راہ سے دارو ڈالا اور سووے ۔ پانی جاوے دبر مین روزہ فاسد ہووے

یا جاوے فرج کی راہ سے روزہ رکھے قضا ۔ کفارت لازم مول نہین یون ہے امر خدا

شیخ فانی نرکھ سکے ہر دن دے طعام ۔ دو من گیہون مسکین کو صبح کھاوے اور شام

بیمار مسافر عاملہ مادر بچے کی جان ۔ روزہ کھاوے خوف سے دھرے قضا بھی مان

مسافر آوے سفر سے یا حائض ہووے پاک ۔ روزہ باقی قضا کرے اب لازم ہے امساک

پانچ روزے ہر سال مین حرام ہوے پدید ۔ تین روزے تشریق کے بھی روزے دو عید

روزہ ماہ رمضان مین مستحب تین شمار ۔ تاخیر سحر اور مسواک کرا اور تعجیل افطار

در بیان اعتکاف گوید

اعتکاف سنت مؤکدہ بوجھو کرو سب کوے ۔ روزہ نیت اعتکاف بھی مسجد جماعت ہووے

قول نعمان ایک روز کمتی دیر تک نہ جان ۔ قول محمد ساعت ایک مسجد مین گزران

جو فاسد ہووے نماز کرے پھر نقصان نہووے ۔ وطی بوسہ مساس سے اعتکاف نہووے

بول و غائط یا جمعے کو باہر نکلے سووے ۔ ساعت نکلے بے عذر اعتکاف صحیح نہووے

کھانا پینا سونا اور لین دین تمام ۔ مسجد بیچ روا ہے اور بھلے کرے کلام

اعتکاف کی نذر سے رات بھی لازم ہووے ۔ بی دری بھی شرط ہے زن کو گھر مین سووے

در بیان مسائل زکوٰۃ گوید

اصل عبادت مال کی دینا ہووے زکوٰۃ ۔ چھ شرط موجود یہ ہووے فرض زکوٰۃ

عاقل بالغ مسلمان عقیل صاحب مال ۔ اور فاضل ہووے دین سے گذرے سارا سال

اتنی شرط موجود ہون پھر نہ دے زکوٰۃ ۔ دوزخ کے وہ عذاب سے پاوے نہین نجات

بیچ زکوٰۃ دو فرض ہین ہر ایک سے پہچان ۔ قدر واجب جدا کرے نیت دل کر جان

ساڑھے باون تولے روپا ہو موجود ۔ پندرہ ماشے چھ رتی زکوٰۃ جدا کر زود

ساڑھے سات تولے سونا ہو در سال ۔ دو ماشہ اور دو رتی دے زکوٰۃ نکال

ویا سونا خام ہو یا درہم اور دینار
جنس کو جنس مین جو زیادہ ہو مال
غالب ہی عروض مین اُسکی قیمت آن
ونا روپا ملاے کر نصاب پورا دے
ست دی حساب کر زکوٰۃ فطر کی یار
ہلاک ہوے سال مین ساقط ہوئی زکوٰۃ
ٹ بیل جو کام کا بندہ خدمت گار
ہر موتی لعل کی زکوٰۃ عفو کر جان
بکری اونٹ کے بچہ نہ جاوے مال
ئم جو باہر چرے گھر کی گھاس نہ کھاے
ی ایک زکوٰۃ دی پانچ اونٹ جب ہوے
ر بکری چوبیس[24] اونٹ پر زکوٰۃ دی سب کو ہوے
سالہ چھتیس[36] سے چالیس مین دی تین
سالہ دو اونٹ کا چہتر[76] مین پہچان
سو بنجاہ مین تین سالہ دے تیس[30]
ہی دو سال کا جب ہووین چالیس
یادہ ہون چہل سے اُسکی قیمت تھان
سالہ ہر تیس پر لازم ہو ہر حال
جب چالیس[40] ہون ایک بکری نکال
دو سو ایک مین بکری تین دی نیک
ی گھوڑا مختلط جنمن دے مثقال

یا زیور یا آوند ہو ایک حساب شمار
روپے مین روپا ملے اور سونا سونے نال
جو پہونچے نصاب کو زکوٰۃ واجب جان
قیمت سے عروض کو شامل کرکے دے
کفارہ عشر اور نذر کو دینا فرض بجار
زکوٰۃ منع ہے عفو کی یہ مسئلہ کر بات
عبد مکاتب عفو ہے اور ہے مال ضمار
اسپ سواری پارچہ باسن عفو پہچان
زکوٰۃ اُنکی عفو ہے جون حمر اور بغال
انپر زکوٰۃ فرض ہی دیجے حساب کراے
دو بکری دس اونٹ پر تین پندرہ[15] سوے
پچیس[25] اونٹ پر ایک اونٹ جو یکسالہ ہوے
چار سالہ طیار کر اکسٹھ پیچ یقین
جو اکانوے اونٹ ہون تین سالہ دو جان
پھر بکری دے پانچ مین سر سے کرو یقین
بچہ دے ایک سال کا گای بیل سے تیس[30]
چہلم حصہ زکوٰۃ کا ساٹھ تائین جان
دو سالہ چالیس ہون اسکی یہی مثال
اور ایکسو اکیس[121] مین دو بکری دی ڈال
چار سو مین چار دی پھر سو مین ایک ایک
یا حصہ چالیسوان زکوٰۃ کا جدا دے ڈال

در بیان مصارف زکوٰۃ گوید

سات مصرف زکوٰۃ کے انکو لے پہچان
فقیر مسکین رہگذر اور غازی بھی جان

مکاتب ہووے غیر نا قرضدار بھی مان
عامل ہو صدقات کا یہ ہین سات مکان

زکوٰۃ کیتی قوم کو جب اٹھتا ہین سول
کافر اور غلام کو دینا نہین مقبول

مکاتب سب اپنا ام ولد بھی سووے
بنی ہاشم مملوک کو زکوٰۃ نہ جائز ہووے

بیٹا پوتا پرپوتا اور انھون کی اولاد
زکوٰۃ انکو دیجیے جو باپ دادا پرداد

جورو شوہر کو نہ دے شوہر جورو کا ج
اور غنی مملوک کو جو نہو محتاج

در بیان شرائط حج بیت اللہ گوید

دس شرطون سے حج کو عین فرض کر جان
عاقل بالغ تندرست اصیل مسلمان

زاد و راحلہ وقت حج اور بینائی کو مان
امن راہ کا شرط ہے جو مذہب ہے نعمان

شوہر محرم بھی شرط ہے جورو ہو گر ساتھ
اتنی شرط موجود ہون حج کو کرو سب ساتھ

فرض ہین حج کے حاجیان جانو تین صنوف
طواف زیارت احرام بھی عرفہ وقوف

واجبات چھ حج مین ہر ایک لے پہچان
احرام باندھ میقات سے یہ مسئلہ ہے کان

صفا مروہ دوڑنا سات بار شمار
مزدلفہ مین وقوف کر طواف صدر گذار

سنگریزہ مارنا جانو واجب پانچ
سر کو مونڈ حلال ہو جو چاہے تو سانچ

چار سنت ہین حج مین طواف قدوم کو لا
سعی طواف ترمیل کر منیٰ رات گذار

تین نہایت سب حج کے تنہا حج گذار
یا تنہا کرو تم اسکو یا دونون اک بار

جنمین حج قبول ہو تین ماہ ہین سب حج
سب شوال اور ذیقعدہ اور دس دن ہین ذی الحج

مواقیت احرام کے پانچ محل پہچان
راہ مدینہ حاجیان ذو الحلیفہ جان

راہ عراقی عرق سے شامی جحفہ مان
راہ نجد کی قرن سے یمنی یلملم جان

بیچ کعبہ میقات ہی جو کوئی ساکن ہووے
احرام باندھے حل سے اور کعبہ ہی سووے

ڈھیل کرے میقات سوں حج نہوے تمام | وضو دوگانہ نماز پڑھ جب باندھو احرام

چادر لنگی پاک کر اور خوشبوئی مال | جو نہیں ہیں حج میں تن کی کرو سنبھال

جو محرم ہو حج کا فسق روا نہیں جان | جنگ جدال اور ذکر بد اور جماع زنان

شکار نکر بتلاؤ مت خوشبوئی نہ لگاؤ | کپڑون کو مت رنگ کے اور ناخن بھی نہ کٹاؤ

اور سر ڈاڑھی دھو مت گل خطمی کساتھ | سر نہ کترا حلق نہ کر یہ سب منہیات

منھ اور سر کو ڈھانپنا منہی جانو صاف | دستار موزہ پہننا یہ بھی منہی صاف

جو ہمیانی کمر میں اُس میں سخن نہ آن | سایہ گھر اور اونٹ کا یا اور کسی کا جان

لبیک لبیک راہ میں آکھے بہت درود | منزل ہو یا راہ میں قیام اور قعود

کعبہ آوے نظر میں پڑھے درود دعا | اور تکبیر تہلیل کہہ جو ہے امر خدا

فقہ ہندی زبان میں بنی بہت عجیب | چُن چُن مسئلے دین کے کینے جمع غریب

فقہ ہندی کو مومنان کرو زبان پہ یاد | مسئلے سمجھو دین کے آوے کچھ نہ فساد

سن یکہزار چہتر ہجری رمضان بیچ تمام | اورنگ زیب کے دور میں نسخہ ہوا انتظام

مصنف اور کاتب کو بخشے رب غفور | پڑھنے والے کو کرم سے دیوے رب شعور

تمت

نسخہ فقہ المبین درزبان ہندی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نام پاک رب العالمین سوں | شروع کرتا ہوں میں فقہ المبین کوں

بحق محمد مقبول مرسلؐ | بسے عقد سے فقہ کے مجھ پہ کر حل

مسائل فقہ کے ہیں اصل ایمان | جو نہیں بوجھے تو کیون ہووے مسلمان

جسے حاصل نہیں فقہ و مسائل | وہ امی ہے وہ ابلہ ہے وہ جاہل

جسے توفیق ہووے علم دین سے ۔ وہی ممتاز ہے اہل یقین سے
پڑھے جو اس رسالے کو ہو شائق ۔ تو ہوگا شرع کی سند کے لائق
اُسے عزّو شرف حق سے ملے گا ۔ اُسے عرفان کا درجہ کھلے گا
جہالت کی نقاب اسپر سے اٹھ جاے ۔ بہت اسرار حق اسکو نظر آے
کیا ہون جمع استنباط کر کر ۔ کتب سے فقہ کی جون فقہ اکبر
خلاصہ شرح منیہ کنز و تبیان ۔ محیط اور کافی و وافی و برہان
ہدایہ اور وقایہ کے ہو سائل ۔ کیا ہون جمع اس مین کئی مسائل
فتاوؤن سے چُن چُن کر کیا جمع ۔ لکھا ہون اس رسالے مین بصد طمع
کیا ہون ذکر مسئلے بحر رائق ۔ لکھا ہون کئی مسائل نہر فائق
کتابون کے حوالے سے سند ہے ۔ متونون سے یہ مسئلہ مستند ہے
محیط اور کنز کا کر کر حوالہ ۔ کیا منظوم یہ موزون رسالہ
عیون اور منیہ قاضی خان مذکور ۔ مفاتیح کے مسائل ہین گے مسطور
شرح اور متنون سے چُن چُن کر چیدہ ۔ لکھا ہون یہ رسالہ برگزیدہ
جو کوئی اس نظم کا حافظ ہو جاوے ۔ خدا خوش ہو نبی کا قرب پاوے
ضروری کے مسائل کرکے داخل ۔ لگایا اس سفینے کو بساحل
فقیہ کر سب مسلمانون کو یا رب ۔ بحق آلہ و اصحابہ سب
موافق کر سبھون کو فقہ بوجھین ۔ مسائل کے کُنہ سب دل مین سوجھین
اول کلمہ پڑھو ہے فرض سب پر ۔ جو منکر ہے اسی سے ہے وہ کافر
مراد اس سے خدا کو ایک جانو ۔ محمد کو رسول حق پہچانو
یہی ایمان کے معنے ہین بیشک ۔ کرو تصدیق اسمین لاؤ مت شک

٥٣ کیا ہون جمع اسمین نور مشکوٰۃ و صحیح مسلم سے لایا ہون روایات ۱۲

در بیان صفاتِ ایمان گوید

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ

یہ ایمان کی صفت دل مین رکھو یاد	اول ایمان لانا حق پہ ہو شاد

وَمَلٰٓئِکَتِہٖ

دوم ایمان لانا سب ملک پر	عرش پر ہون ارض پر یا فلک پر

وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ

سوم سارے کتب پر لانا ایمان	رسولون پر بھی لانا فرض کرمان

وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ

قیامت پر بھی لانا فرض پہچان	یہی پونہچا ہے حق سے ہمکو فرمان

وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ

ششم تقدیر پر ایمان فرض ہے	اگر ہو خیر یا شر ہو غرض ہے

مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی

ہے خالق خیر و شر اللہ تعالیٰ	بدی کا بھی اُسی کا ہے حوالا

وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ

موے پیچھے اُٹھین مخلوق سارے	یہی ہین بعث کے معنے پیارے
موے پیچھے اُٹھین گے شک نہ کوئی کر	صفت ایمان کی رکھ یاد گن کر

در بیان احکام فرائض وغیرہ گوید

فرض اک کا جو منکر ہے سو کافر	ہماری غرض کو تم لاؤ خاطر
وہ جو واجب سے رکھتا ہے جو انکار	وہ فاسق ہے کرو نمین تم سے اظہار
سنت واجب سے رکھتا ہے جو انکار	تو وہ بدبخت ہے بیشک گنہگار
جو استخفاف سنت کا کرے کوے	اُسے ہادی ثبور و ویل شوم ہوے
اُسی کا کفر جو لازم رکھا ہے	عذابان ہاویہ کے وہ چکھا ہے

در بیان مقدار تکبیر تحریمہ گوید

کھڑے ہو کر حضور حق کے ڈر سے ۔ کہو تکبیر تحریمہ جہر سے
کہون مین جہر کا ادنیٰ ہے مقدار ۔ جو مین کہتا ہون سو سُن اے مرے یار

در بیان فرائض وضو گوید

وضو مین فرض ہین سب چار منصوص ۔ طہارت کے فرائض ہین یہی مخصوص
اول مُنہ فرض ہے دھونا پیچھے ہاتھ ۔ ولیکن تا دو مرفق دھو ادب ساتھ
پیچھے کر ربع سر کا مسح بے ننگ ۔ قدم دھو حد ہے اسکی تا شتالنگ

در بیان پنج بنا اسلام گوید

بنا اسلام کی سب پانچ ہین جان ۔ اول کلمہ شہادت بر زبان ران
پیچھے صلوات خمسہ فرض منصوص ۔ صیام ماہ رمضان ہین کے مخصوص
چہارم ہے زکوٰۃ مال ماجور ۔ ہے پنجم حج اگر رکھتا ہے مقدور

در بیان فرائض غسل گوید

فرائض غسل مین سب تین ہین جان ۔ اگر باور نہین تو دیکھ تبیان
اول لے مُنہ مین پانی غرغرہ کر ۔ پیچھے لے ناک مین پانی برادر
سوم پانی بہانا سب بدن پر ۔ فرائض غسل کے کر دل مین ازبر

در بیان فرائض تیمم گوید

تیمم مین فرائض تین ہین جان ۔ جلن کر دل مین جون تسبیح مرجان
نیت اور پاک مٹی سے فرض ہے ۔ ضرب دو اس منے سب کو غرض ہے
ہے جو جنس زمین سے ہووے اگر ۔ تیمم اُس اوپر جائز ہے خوشتر
وہ جو کچھ چیز جل کر راکھ ہووے ۔ تیمم اُسپہ فقط جائز نہووے
اگر پگھلے اگن لگنے سے جو چیز ۔ تیمم اُس اوپر جائز نہ ہو نیز

چنانچہ گھانس لکڑی پر روا نین
تیمم بن عذر ہرگز روا نین
بدن زخمون سے جس کا ہووے غربال
ویا پانی پہ ہووے شیر غزان
ویا چیچک سے تن غربال ہوجاوے
ویا قوت بدن کی سب نکلجاوے
ویا پانی پہ ہووے کوئی قرض خواہ
باین خوفیکہ شاید قید کر لے
ویا بھی دور سے نا ہووے مقدور
تب اُسکو حکم جائز کا سزاوار
تیمم مین روا فقط چوڑیون پہ
نکالے بن نہین ہت سے مجوز
تیمم تر زمین پر جائز آیا
نمک جبلی پہ تو مت کر تیمم
یہ مسئلہ بحر رائق مین ہے مسطور
زمین سوختہ اوپر ہے جائز
در دعنبر اوپر جائز رکھا ہے
تیمم راکھ پہ ہرگز روا نین
ظہیریہ مین مسئلہ ہے یہ مسطور
مجوز ہے تیمم خاک و گچ پر
زمرد اور زبرجد پر روا ہے

اگر عمداً کرے تو جز خطا نین
نماز فرض و سنت کچھ روا نین
ویا امراض کی کس کو چھبے بال
ویا ہو سانپ یا ہو دشمن جان
ویا اور آبلہ تن پر نظر آئے
ویا فتوے کوئی اس کا عذر پائے
تیمم سے پڑھے نین اسمین اک راہ
اذیت اور اہانت ساتھ بٹھلائے
ویا ہو آب قدر یک کروہ دور
نماز اُسکی روا جائز ہو مختار
انگوٹھی پر بھی یہ ہے حکم اظہر
خلاصے مین یہ مسئلہ ہے معزز
ویا کیچڑ پہ بھی یون ہے سُنایا
مگر جبلی پہ ہووے تو مُسلّم
مروّج ہے معزز ہے گا مشہور
کرے گا گر تیمم ہووے فائز
کرے گر مُشک پر تو نا روا ہے
نہ موتی یخ اوپر جائز ہوا کہین
نکل آوے اگر دیکھے تو فی الفور
کُحل پر ریت پر کبریت و پتھر
گل سرخ اور گندھک پر روا ہے

اگر یاقوت و مرجان پر کرے کووے — مجوّز ہے اگر الماس بھی ہووے

در بیان شکنندۂ وضو گوید

وضو کے توڑنے والے ہین بسیار — جو تیرے پیش و پس سے ہووے اظہار
ریاح نکلے سے ہوتا ہے وضو دور — لہو سے بھی وضو جاتا ہے فی الفور
اگر تکیہ دے سووے تو وضو جاوے — سنو قہقہہ نماز اندر بھی فرماوے
اگر بیہوش ہو در عین رکعات — و یا دیوانگی اسپر کرے گھات
و یا مستی اُسے بدمست کر جاوے — و یا مُنھ بھر کے قے مُنھ سے نکل آئے
مذی بھی نکلے تو فوراً وضو جاوے — ودی سے بھی حدث ہوتا ہے فرماوے
تو یہ سب ناقض و منقض وضو ہوئین — مصلی کی نمازون کو یہ سب کھوئین

در بیان موجبات غسل گوید

غسل سب پانچ چیزون سے فرض ہووے — زن و مردان سب پر جون فرض ہووے
جس عورت کے کہ کم ہون حیض کے دن — تو پانچون وقت غسل اُسپر فرض گن
جب ہووے حیض سے پاکی نسا کون — تو غسل واجب ہو قولِ مصطفا سون
ذکر جب فرج عورت مین دخل پاوے — تو غسل اُسپر اُسی دم فرض ہو جاوے
نہ اسمین شرط کچھ انزال کا ہے — وجوب غسل سوا دخال کا ہے

در بیان حیض گوید

ہین مدت حیض کی سب تین دن مین — کیے ہین یہ بیان اپنے ذہن مین
اکثر مدت حیض کی سن تو کہون مین — ہے دس دن رات ہین سچ یہ جو کہون مین
اقل مدت حیض کی ہے کہ سہ شب — امام شافعی کہین اک روز اک شب
امام مالک سے مروی ایک ساعت — جو پاکی پاوے ہووے در عبادت
پیچھے شوہر سے ہم آغوش ہو جاوے — ثنا صلوٰت صوم اپنی بجا لاوے

ولے روزہ قضا اُسپر فرض ہووے
رکھے گی بعد رمضان اُسپر فرض ہووے

معافی ہو نمازون کی مقرر
یہ مسئلہ یاد رکھ تو دل مین از بر

اگر مدت حیض کی سُن روز دس ہے
تو سُن لے گر ترا دل تیرے بس ہے

جو دس سے ہو زیادہ تو مرض ہے
روایت کنز سے میری غرض ہے

عذر کے دن مین عادت سے زیادہ
نظر آوے لہو تو سُن افادہ

تو مدت عادت اسکی حیض مین راکھ
زیادہ مرض سے بوجھو نہین پاک

کرے روزہ نماز ان ختم قرآن
ملے شوہر سے اپنے نین ہے نقصان

در بیان نفاس گوید

نفاس عورت کو جب کرتا ہی ناپاک
غسل کرنے سے ہوتی ہین سبھی پاک

ولیکن نین اسے مدت مقرر
لہو جب بند ہو تب ہو مطہر

اگر ساعت مین بند ہووے تو اغلب
اگر اک دن مین بند ہووے تو انسب

اگر ہفتے مین بند ہووے تو ہو جائے
مہینے مین بھی بند ہوتا ہے فرمائے

نہایت مدت اسکی ہے چہل دن
کے نفسا کے دن علمانے معین

غسل کرنے سے بس ہوتی ہین یہ پاک
نمازی ہون پیچھے صائم تو کیا باک

جہالت سے چہل دن نین نہاوین
نماز و صوم و حج اپنا گنواوین

یہ فتوی کن جبلیشون نے بتایا
اُنھون کا دین و ایمان سب چھٹایا

قیامت مین سبھی ماخوذ ہونگیان
جہنم مین جہالت سے جلینگیان

غسل ہوتا ہے واجب محتلم پر
اگر نہاوے تو ہووے پاک و اطہر

در بیان مسبوق و لاحق و مدرک و منفرد گوید

اُسے مسبوق کہتے ہین سگے علمائے
امام سے بعد اک رکعت کے ملجاوے

امام ساتھ تحریمہ کو جو پایا
پیچھے اُسکو حدث نے منہ دکھایا

جو وہ جاکر وضو کر پھر کے آوے
تو رکعت یک دفعہ کی ہت سے جاوے

تب اُسکو حکم لاحق کا دیا جاے
اُسے مسبوق ہر گز کوئی نہ فرمائے

اُسے مدرک کہین گے سب فقیہان
امام کے سنگ پڑھے چار و رکعتان

اکیلا جو نماز اپنی پڑھے کوے
نزدیک فقہا کے وہ سو منفرد ہوے

قرات فرض ہے قدر ایک آیت
دراز ہووے نہین تو سنہ نہایت

کھڑے رہنے کو کہتے ہین قیام اب
قرارت پڑھنے کو کہتے ہین قرارت سب

رکوع کہتے ہین خم ہونیکو عالم
جو نین بوجھے مسائل ہے وہ ظالم

رکوع کے بعد قائم جو کھڑا ہوے
اُسے قومہ کہے گا جو فقیہ ہوے

جو بیٹھے بعد اک سجدے کے ساجد
اُسے جلسہ کہین گے سارے عابد

دربیان فرائض نماز گوید

نمازون مین تو کل پندرہ[۱۵] فرض ہین
مصلی کو مدام ان سے غرض ہین

نزدیک بعضون کہین سب چاردہ[۱۴] فرض
کرونگا تم سے بالتفصیل اب عرض

اور بعضون نے تو سب تیرہ[۱۳] گنے ہین
مصلی سب سنے کانون سے چُنے ہین

ولیکن نزد بعضے کل ہین بارا
کرون گا مین اُسے تفصیل سارا

اول نیت کرو دوسرا وضو راک
سوم جامے کی پاکی اور بدن پاک

پنجم جاے مصلی پاک وہ ہووے
ہے ششم ستر عورت کو فرض جو سے

پچھون تکبیر تحریمہ فرض جان
پہچانو سارے اوقاتون کو دھر کان

کھڑے رہنا نمازون مین فرض ہے
توجہ کعبہ مولے کی غرض ہے

قرارت اسمین تو فرض عین آیا
رکوع کے فرض سے مولے کو پایا

سجود آیا ہے اسمین تیرھوان فرض
کرو سجدہ خدا کو بعدہ غرض

فرض ہے چودھوان قعدہ اخیرہ
جو ہووے اسکا منکر ہے وہ خیرہ

پندرھوان فرض ہے نمازون سون نکلنا	موافق شرع کے یہ راہ چلنا

دربیان واجبات نماز گوید

نماز اندر تو بارہ واجبان ہین	ولیکن حق کے یہ سب حاجبان ہین
اول الحمد پڑھنا واجب آیا	پیچھے سورۃ کو ضم کرنا سنایا
سوم تعدیل ارکان کو بھی مانو	تعین قرارت کا واجب تم پچانو
پیچھے ترتیب کی ہے گی رعایت	قنوت پڑھنے سے ہو پھر نہایت
پڑھے آہستہ آہستہ کے اوقات	یہ واجب ہے سبھون کو از وجوبات
بلند پڑھنا بلندی کے مکان پر	یہ واجب ہے امام مومنان پر
ولیکن منفرد مختار اس مین	تشہد پڑھ یعنی التحیات اسمین
بھی تکبیرات عیدون کی کرے زود	کہ جسمین حق تعالےٰ ہووے خوشنود
سلام کے لفظ سے آنا ہے باہر	چُنے رکھ میرے مسئلے کے جواہر

دربیان نماز شک گوید

شک آوے تجھ نمازون مین جو یکبار	رکعت ہو ایک یا دو تین یا چار
تحری کر اگر ٹھہرے تو محکم	وگرنہ ایک رکعت انمین سے کر کم
جو باقی ہے سو اسمین قعدہ آئے گا	سجود سہو سے فارغ ہو جائے گا

دربیان نماز جنازہ گوید

جنازے کی نماز ہو فوت یا عید	جنابت ساتھ پڑھنا ہے بتاکید
تیمم سے پڑھو جائز کیا ہے	کرو مت فوت تم بیشک روا ہے
جنازے کی نماز مین چار تکبیر	فرائض بوجھ اسمین نین ہے تقصیر
اگر انمین سے اک کو کم کرے کوے	تو وہ اپنی سبھی تکبیر کو کھوے

دربیان شکنندہ نماز گوید

نماز میں سووے گر قہقہہ کیا ہووے	مسلم نہیں وضو شک لاوے مت کوے
نمازوں میں بھی کچھ اسکے خلل نہیں	عبادت میں بھی کچھ اسکے زلل نہیں

در بیان حال مسبوق گوید

اگر مسبوق بھولا ساتھ امام کے	ہوا تابع امام کا بیچ سلام کے
نماز اسکی مسلم ہے نہ سہو آوے	ظہیریہ میں یہ مسئلہ بتاوے
تعمد ساتھ تابع ہو تو جاوے	اگر عمداً سہو تو کچھ نہ آوے
اگر تاخیر واجب میں جو ہو جاوے	ویا تاخیر فرضوں میں بھی وہ پاوے
ویا تقریر واجب میں دخل پاوے	ویا فاتحہ مکرر پڑھنے میں آجاوے
تو ان شکلوں سے سجدہ سہو آوے	سلام اک سہو وہ ذمہ چھڑاوے
نماز ترک فرض سے ہت نہ آوے	یہ مسئلہ ہر فتاوے میں لکھاوے

در بیان پاکی چاہ گوید

پڑے گر چاہ میں دم موش کی ٹوٹ	ویا بوٹی گرے مردار کی چھوٹ
ویا چڑیا کا بچہ منتفخ ہووے	ویا گر بول کا قطرہ گرا ہووے
ویلے وہ بول جسکا گوشت مردار	شرع میں ناروا اور غیر مختار
ویا ہو چھپکلی دے دم سائل	ویا پیشاب طفل شیر مائل
ویا قطرہ شراب وخون نجاست	نجاست آدمی کی ذی خباثت
ویا مرغی کی کوئی پیخال ڈالے	تو پانی چاہ کا سارا نکالے
کتب میں فقہ کی یہ حکم آوے	خلاف اس مسئلے کا کوئی نہ فرماوے
محمد رح کی روایت کو جو پاوے	تو دو سو صد دلو یا سہ صد نکالے
تو اس پانی کو پاکی کا حکم آوے	توحجۃ الاسلام میں یہ مسئلہ پائے
اگر بلی و مرغی مثل اس کے	پڑے جا کر کنوین کے بیچ دھکے

معاً مر جانے کے اُس کو نکالے — تو چالیس دو لوچہ سے کاڑھ ڈالے
پچھوں ہو جائے گی کنوین کی تطہیر — ہدایہ بین ہے اس مسئلے کی تصویر
اگرچہ ٹہاو یا چڑیا کا بچہ — نکالے کوئی قبل سڑنے کے ازبچہ
نکالے تب کنوین سے دلو گن دش — تو کنوان پاک تر ہو جائے گا بس
اول میت نکالے بعد پانی — یہی کنوین کی پاکی کی نشانی
شرح منیہ بین یہ مسئلہ ہے مکتوب — رکھو دل بین یہ مسئلہ یاد مرغوب

در بیان زلۃ القاری گوید

محمد ابن ازہر سے روایت — پڑھے الحمد للہ کھلے آیت
والرحمن کے ازہالے ہوز — والرحیم بالہالے ہوز نین مجوز
نماز اُسکی فاسد تر ہو جاوے — فتاوٰ صوفیہ بین یون سُناوے
اگر کوشش کرے باسعی مشکور — پڑھے نین بر زبان تب ہی وہ معذور
پڑھے گا سرسری بے جہد کر زود — تو ہونگی سب نمازین اُسکی مردود

در بیان مفسدات نماز گوید

نمازی اک رکن بین کر کھجاوے — اگر سہ بار تو تحقیق جاوے
بشرطیکہ اُٹھاوے ہاتھ تین بار — اُٹھاوے نین تو ہو مکروہ ناچار
خلاصے بین یہ مسئلہ ہے منور — کتب بین سارے علما کی ہے اشہر
جو دیوے پیٹھ قبلے کو نمازی — نماز اُسکی نہ رہے گی ہوگی بازی
اگر وہ ہاتھ سے کپڑا سنبھالے — ویا ہاتھوں کو لے پگڑی پہ ڈالے
ویا سجدے بین جاؤ ویک اُٹھاو — نماز اُسکی بھی فاسد ہو جاوے
نجس کپڑون سے جائز نین عبادات — فساد آوے نمازون بین فسادات
نجس جاگہ اندر بھی نین روا ہے — عبادت بے طہارت بھی غوا ہے

نماز اندر قہقہہ سے فساد آئے
ہر اک بالغ کے حق مین یہ حکم آئے

نماز اول نہ رہے پیچھے وضو جائے
ولے حق مین صبی کی باعکس فرمائے

دربیان سود خوردن گوید

ربا ملعون ہے سب مذہبون مین
جو دیوے اور لیوے سو بھی ملعون
شواہد کاتبون پر لعنت آوین
نہ آوک لے نہ آوک دے نہ بیا
گرو لیکر کرایہ کھاؤ مت رے
حرامی ہے حرامی ہے رباخور
جو مسلم ہے اگر کھاوے کبھی سود
عبادت اُسکی ہو گی غیر مقبول

مسلمانون مین کافر مشرکون مین
ضامن اُسکا بھی ہے لعنت کا مطعون
حشر مین کیونکر حق کو مُنھ دکھاوین
جلاوے گا حشر مین تم کو بیا
جہنم مین خوشی سے جاؤ مت رے
خدا اور مصطفیٰ صلعم کا ہے وہی چور
تو کنہگار ہو گا دوزخ کا وہ مردود
جہنم کا لگے گا اسکو ترسول

دربیان مسواک کردن گوید

نزدیک حضرت کے جب جبریل آتے
خواص اُسکے بہت ہین اور برکات
غرض مقبول حق ہووے مقرر
دوجے ہمسایہ کو رکھنا رضامند
یہ دونون امر ہین ملائکہ علیہم السلام اعظم امورات

زحق مسواک کی تاکید لاتے
زبس خوشنود ہو رب السموات
احب ہے مصطفیٰ اور آل اطہر
کہ جن عملون سے ہو راضی خداوند
بجالاوے تو پاوے رفع درجات

دربیان معجزات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم گوید

اتھے سب معجزے حضرت کے برحق
مگس اُڑتی نہ تھی اُس گلبدن پر
معطر تھا مبارک جسم اطہر

اُنھون نے یہ کیا تھا مہ کو دوشق
دخل کیون پاوے جنات العدن پر
خجالت سے سیہ تھا مشک اذفر

حجر کیا اور شجر کیا اور مدر گل ثنا صلوات سے تھے مثل بلبل
جو کہوین تم باذن اللہ امر سے دوڑین مردے سبھی باہر قبر سے

دربیان سنت مؤکدہ گوید

مؤکد سنتان ان کو کہے ہین بجز دو بارہ وہ متروک نہ ہوے ہین
تطوع کو شروع گر کوئی کیا ہووے پیچھے رکعات فرضی کا بنا ہووے
تو بہتر ہے اسے اتمام پہونچاوے زیادہ اس سے آگے چل کے نین جاوے
جو پہونچے زانو کو ہاتھون کی انگلیان یہ ادنٰے حد رکوع کی یاد رکھنان
دونون زانو کو لکھتے ہین فقیہان قیام کی حد نہ پہونچے نوک انگلیان
اگر اس مسئلے مین تجکو شک کوئی آوے دیکھو مفتاح مین جلدی نکل آوے
امام کو سجدۂ سہو آوے تو دیوے وہ مسبوق اسکے تابع خود بھی ہووے
وے تسلیم مین تابع نہ ہوئے گا اگر ہوئیگا تو سب کچھ اپنا کھوئیگا
فتاوے دیکھ عالمگیر کا بھی نپٹ جلدی سے یہ مسئلہ کر ازبر

دربیان زخمی کہ برای او مسح رواست گوید

بدن پر گر کسی کے زخم آوے ویا پھوڑا جرح اسکو ستاوے
تو مالک رح بوحنیفہ رح سے روایت زخم دھونے کی نین ہر کوئی روایت
بدن جو کچھ صحیح ہووے تو دھو ڈال مسح آیا جراحت پر بہر حال
مسح بھی مستحب ہی نین فرض ہے یہ مسئلہ یاد رکھ تمیز فرض ہے
جو کوئی رحم ایمہ دیکھ لیوے تو اسکو شک نہو سواس کھووے
محل ضم سورۃ گر نپڑھے کوے یہی سورۃ مقرر پڑھنے نین ہووے
پڑھے گر پیش وپس تو بھی روا ہووے نہ اسکو ناروا اگر وہ کہے کوے

دربیان مفسدات صوم گوید

اگر دانتون سے نکلے خون کسی کے
جو غالب ہووی تو روزہ نہ جاوے
وگر ہووے مساوی تو سند ہے
کسی نے غسل پانی مین کیا جاے
تو اُسکے صوم مین ہرگز خلل نین
اگر صائم کسی کا تھوک کھاوے
اگر محبوب کا کوئی تھوک کھاوے
محیط اس کا ہو شاہد دیکھ لیجو
اگر بتی کا کوئی دُود کھاوے
اگر بتی سے دائم محتنر رہو (دُھوان ۱۲)
لگاوے سرمے کو صائم تو ڈر نین
اگر بیت الخلا مین جاے صائم
بحکم نشف آب ہرگز اُٹھے نین جلے
اگر اک بوند بھی اندر ہو داخل
اگر باندی جو خدمت کرتی تھک جاے
اُسے افطار کی سب سے رضا ہے
نہ دوے مالک اگر افطار کا حکم
اگر بیہوش ہو کوئی در ماہ رمضان
جو دیکھے کوئی معراج الدرایۃ
الخ جسنے کیا اک تل کا دانا
تو روزہ اسکا سالم ہے نہ جاوے

پہنچے جاوے حلق مین اس شخص کے
وگر مغلوب ہو تو ہت نہ آوے
جو داخل ہے درو نین تو یہ ہے
گیا سردی سے اُسکے تن مین اپاے
مسلم ہے وہ روزہ کچھ زلل نین
گیا روزہ کفارت کچھ نہ آوے
کفارت اُسکے اوپر لازم آوے
اگر تحقیق ہو تو شک نہ کیجو
تو اُسکے صوم مین نقصان آوے
دھوان مت کھانہ اپنے صوم کو کھو
جو ڈالے تیل سر مین تو ضرر نین
کرے نشف آب اول پس ہو قائم
کتب مین فقہ کی ایسا لکھا پاے
تو صوم اُسکا نہ رہے لحمہ ویک تل
ز فرو اضعف روزہ نا رکھا جاے
ولیکن بعد رمضان کے قضا ہے
تو فردا ہووے گا فی النار محکم
تو اُسپر نین کفارت ہے قضا ان
نظر آوے کی اُسمین یہ روایت
ویا اُنکا تھا شہر مین سب کا کھانا
نہ اُسپر کچھ قضا کا حکم آوے

اگر خارج سے اک دانہ بھی کھایا
گویا روزہ اُنے ہاتھون گنوایا

اگر دیوانہ ہو تو کچھ نہ آوے
کفارت اور قضا اُس پر نہ آوے

اگر صائم کو قے مُنہ بھر کے آوے
ویا خون قے کرے سینگی چھڑاوے

ویا کچھ بھول کر کھاوے شکم سیر
تو اُسکے صوم مین آیا ہے لا غیر

اگر صائم کرے قے دن مین دس بار
صحیح ہے روزہ اُسکا نہین ہے افطار

اگر لہو قے کرے یا آب ڈر نین
وہ صائم ہے صحیح اُسکو ضرر نین

دربیان فطرہ ماہ رمضان گوید

ہے فطرہ عید رمضان کا دیو جاؤ
سوا دو سیر گندم دے اجر پاؤ

اگر گندم نہو دے تو دے آٹا
روا ہووے اگر ستو بھی بانٹا

اگر جو یا جواری یا ہو خرما
دو چند گندم کا مت دینے کو شرما

اگر ہو باجرا تو بھی یہی قول
جو ہووے نا گلی تو بھی یہی ڈول

ولیکن عید کو دیوے تو بہتر
قبل گر عید کے دیوے تو خوشتر

جو گذرے عید کے دن تو قضا ہوے
وے فطرے کے اجر اُسنے سبھی کھوے

پسر بالغ کا فطرہ نین پدر پر
اگر دیوے تو پاوے اجر اکبر

وے ماں باپ زن کا لازمی نین
اگر دیوے تو اجرون کی کمی نین

صغیرون کا بھی فطرہ باپ پر دین
عبیدون کا بھی ہے بالراس والعین

مصلی عالمون کو دے تو افضل
فقیرون کو بھی ہے دینا مفصل

ولیکن ایک کو دینا ہے اولے
کہ جس دینے سے راضی ہو وے مولے

نقد دیوے تو فطرہ سب سے افضل
فضل واجب کا پاوے گا مکمل

دربیان مذمت زنان کہ گریہ وسینہ زنی می کنند گوید

چلانے پیٹنے سے لعنت آوے
حشر مین کیا سیہ رو ہو کے جاوے

سلہ کہ حساب بمبئی سیر ۹۰ تولہ ۵ ماشہ کا ہوتا ہے ۱۲

جو پیٹے اُس پہ لعنت کا حکم آوے	سُنے جو دل سے وہ بھی لعنتاں پائے
چلانا پیٹنا دونون ہین ملعون	بچو اس فعل سے جو ہے گا مطعون

در بیان سبقت سلام گوید

کرو سبقت سلامون کی ہے مسنون	اسی عادت سے ہو محشر مین مامون
پیچھے دیدار حق سے ہووے مبشر	بہت آسان اُسپر ہووے محشر
اُسے سکرات بھی آسان ہووے	خدا کا فضل ہر آن اُسپہ ہووے
ملک موتؑ آ سلام اسپر کرے زود	سبھی اعمال اُسکے ہون گے مودود
فتاوے مین ہے عالمگیر کے یون	مطالعہ کرکے دیکھو شک رہے کیون

در بیان شبہہ نماز گوید

اگر وصفِ نماز اندر شبہہ آئے	ہے مفتاح مین نماز اُسکی نہین جائے
تو سجدۂ سہو دے بعد از تمامی	نماز اُسکی ادا ہوا ز اہتمامی
اگر اصلی نماز مین کچھ شبہہ آئے	نماز اُسکی سوا اُسکے ہاتھ سے جائے
شبہہ اصلی نماز اندر یہ معنی	ظہر کو فجر کے دو فرض جانا
ویا کوئی جمعہ کر بوجھا عصر کو	ویا بوجھا تراویح کو کی وتر کو
تو استیناف[1] اُسپر واجب آوے	عیون مین دیکھ یہ مسئلہ دکھاوے
نماز فرض کا گر وقت تنگ ہووے	اک آیت پر رکوع گر وقت تنگ ہوئے
اگر زائد پڑھے گا تو جفا ہے	بوقت ضیق کے پڑھنا خطا ہے
حمادیہ مین دیکھو ہے روایت	میرے مسئلے کی کرتا ہے حمایت

مراد وصف نماز [illegible]

در بیان نماز پیش و پس صف گوید

نہو مت جاؤ اندر صف پس و پیش	بیک دیگر کھڑے مت رہو کم و بیش
اگر ہووے تو کھووے حبطِ اعمال	نماز اپنی کرے گا نصف بطال

[1] استیناف یعنی سر نو سے پڑھنا ۱۲

صحیح مسلم مین وارد ہے رکھو یاد ... تغافل سے نہ کر عملون کو برباد

کھڑے رہ صف مین بھر کر فرجہ مت راک ... وگرنہ دخل پاوے دیو ناپاک

صحاح ستہ مین وارد ہے یہ فرمان ... بجا لاتا نہ بازی دیوے شیطان

جب ہی تکبیر قامت کی شروع ہووے ... صفِ اول مین قامت کو پڑھو کووے

پڑھو مت نفل و سنت ایسے اوقات ... بہت احوط نمازی کو ہے یہ بات

تیمم سے نمازان کوئی پڑھاوے ... امام ہو گر تو اُسکو جائز آوے

یہ جائز ہو تبھی جب ہو تعذر ... وگرنہ نین مجوز سُن بہادر

محیط اسکا ہے شاہد قول حیدر ... تو ہو اس مشکنا نہ سے معطر

در بیان مذمت کاہنان ورمّالان گوید

سخن کاہن کا گر باور کرے کووے ... وہ کافر ہے اُسے ایمان کیون ہووے

نجوم اور رمل پر ایمان مت لا ... خوشی سے کفر کی دوزخ مین مت جا

نہ لا تصدیق باہمن سیوڑون پر ... یہ راندے حق تعالیٰ کے ہین کافر

جو عورت باہمنون سے پوچھنے جائے ... تو اُس بدبخت کو بے ایمان تو پائے

بغیر از کفر اُسی کچھ ہت نہین آوے ... خدا بن مصطفےٰ بن کس کی ہو جاوے

جو کوئی ہر شرک سے بیزار ہوگا ... تب ہی حق کا اُسے دیدار ہوگا

کہے کوئی جا کے مومن عورتون کون ... پھراوین مُنہ کفر اور بدعتون سون

کرو مت رسم کفارون کی ناپاک ... نہ ڈالو سر پہ اپنے جہل کی خاک

بتون کو مانتے ہو مثل کفار ... سٹا شیطان تمہارے گلے مین زُنار

در بیان مذمت ستواسہ گوید

رسم کرتی ہو ستواسے کی بسیار ... چھٹی کی رسم سے بھی ہو بزہ کار

نکاح مین سہل کر پکڑین ہو جلوہ ... قیامت مین ہو بھاری تم پہ بلوہ

کیا ہے فرض کو باطل ہزل پیش ۔۔۔ سبھی علما کو کرتی ہو جگر ریش
مخالف نص قرآن و حدیثات ۔۔۔ یہ کیا ہے دین تمہارا اے خبیثات
نکاح تو غیر جلوے معتبر نین ۔۔۔ تمہارے زعم مین یہ کفر تزئین
بڑو کی ہا و یہ کی ہاے ہون مین ۔۔۔ نہلاوینگے جہنم دوزخون مین
بھرے گیان گو دستوا سے بالنار ۔۔۔ ملین گے خوانچے بھر بھر کے انگار
نہووے گا شفیع وان کوئی حاشا ۔۔۔ نظر آوے گا جلوہ کا تماشا
بنے جلوے پہ دل سے اعتقاد آئے ۔۔۔ مسلمان نین اسے کافر کہا جاے
نکاح مین جلوہ یان کب معتبر ہے ۔۔۔ تمہارا پیشوا شیطان خر ہے

دربیان مذمت رسم جلوہ گوید

سنو اب رسم جلوے سے ہو بیزار ۔۔۔ وگرنہ قبر ہوگی مثل نار
یہ کار کفر کو مت تم بجا لاؤ ۔۔۔ گلے مین طوق لعنت کا نہ کوئی پاؤ
جہالت کی خمر پی کر نہ ہو دنگ ۔۔۔ پلائی ہے تمھین شیطان نے بھنگ
نہ کچھ ایمان ہے نا کچھ دین ہے ۔۔۔ تمہارا تو گرو شیطان لعین ہے
مخالف حق سے رہتے ہو نبیؐ سے ۔۔۔ تطلب سے غوث سے بلکہ سبھی سے
غضب کی آگ مین جلنا پڑے گا ۔۔۔ سدا دوزخ مین تلملنا پڑے گا
جو کوئی ان بدعتون سے باز آوے ۔۔۔ تو وہ تفضل سے جنت مین جاوے

دربیان قباحت تارک الصلوٰۃ گوید

نکر اب ترک تو صلوات مکتوب ۔۔۔ کہ تا دوزخ مین لٹکا مین مقلوب
ملین گی ویل مین عالی عمارات ۔۔۔ سر پر پڑتکلف ہوگا درکات
جہنم کا تو خود سردار ہوگا ۔۔۔ کیا جو کچھ سو سب مردار ہوگا
نہو تارک نمازون کا خبردار ۔۔۔ بچھا مت خواب گھ مین اپنے انگار

نہ بوجھین فرض وے تحقیق کافر ۔ ابھاگے ہین بڑے بدبخت خاسر
نماز فرض کا تارک ہے ملعون ۔ حقارت سے کہین گے اسکو فرعون
شرابی ظالمان سے وہ زیادہ ۔ اگرچہ شیر نر ہے تو بھی مادہ
ترک فرض نمازون کا گناہ نین ۔ مگر کفر ست کفر اسکو پناہ نین
نہو جیو اس غضب مین کوئی گرفتار ۔ وہ اخبث ہے وہ نجس ہے وہ بدکار

دربیان رسم بھیر و بھیرنا گوید

بھیر و بھیرنی ہے میران کا ہو بیباک ۔ سٹگیان اپنے سر پر حشر کی خاک
نہ فرمایا نبی ﷺ نہ عالمون نے ۔ نہ فضلا نے کہا نہ کاملون نے
یہ شیطانی رسم کہان سے نکالیان ۔ بجاتے ہین گے شیطان اُنپہ تالیان
نقارے ڈھول بجوا کان پھوڑین ۔ نبی ﷺ کو چھوڑ شیطان ساتھ جوڑین
مرے کوئی تو اُسے بیٹھین ہو ملعون ۔ جنھون کے فعل سے ہنستا ہے فرعون
پیچھے خیچین زیارت کے بہانے ۔ پکاوین خوش پلاوین کھیر کھانے
زیارت کا نام شادی کا کرین ٹھاٹ ۔ پکاوین زردہ بریان بکریان کاٹ
اگر سودی ملے تو قرض کا لیوین ۔ ملے نین سودی تو گھر بیچ مارین
بلا مجو کو وہ قصے پڑھاوین ۔ گواوین ریختہ سب شب جگاوین
گذارین رین سب در تان بازی ۔ حقہ کش بھنگیان اور بے نمازی
دزائین موت کا ڈر غرق غفلت ۔ بھلا قربان حق کرتے ہین [illegible]
نہ خوف حق نہ پیغمبر سے ڈرنا ۔ جو کچھ شیطان سکھا [illegible] کرنا
ڈوفالی کو صریگا پیتے ہین ۔ اگرچہ [illegible]

دربیان [illegible]

[illegible] پر فرض آیا ۔ [illegible]

بڑا احسان ہوا سب عورتون پر — خدا کا مصطفٰے کا پیار اکثر
کرے رد اس فعل کو ہو بنزہ کار — اُٹھایا مُنھ سے برقع شرم یکبار
پڑی پھرتی ہین ہر ہر کوچہ بازار — نہ حق کا خوف نا کچھ شرم اور عار
کھلے سر پیٹ اور چوٹڑ پہ چیران — کرین نظران اُنھون پہ جوان پیران
گھڑیان ہون راہ مین گیت گاتیان — ننگے سر یا یُون ہو کے کھول چھاتیان
بیگانے مرد کو کرلین اشارے — اوپر سے بیٹھ کر مارین نظارے
پڑینگیان اس کبیرہ سے سقر مین — دھکیگی آگ محشر تک قبر مین
کیا ترکِ فرض حق فرمان سے بھاگ — کہ کاٹین گے سقر مین آگ کے ناگ
ستر ہے عورتون کا چھتر عورت — ہزارون فصل مضمر اسمین حکمت
جو ہووے استری او جھل سے بیزار — جہان مین ہووے رسوا حشر مین خوار
رذالیان عورتان کیا قدر بوجھین — نظارے غیر محرم کے جو سوجھین
گدھی کی گت پھرین ساری نگر مین — اُنھین آرام کیونکر آوے گھر مین
دیکھے جو غیر محرم پہ نظر بھر — وہ ملعون ہے وہ ملعون ہے وہی خر
جو دیکھے مرد کو عورت ستر کی — خرابی کیا کہون اُسکے قبر کی
انگارون کے اُسے ہونگے چھپرکھٹ — بُرے احوال اُسکے ہونگے پھر ٹھٹ
نظارہ گر کرین مردان زنان کا — جزا اُنکو ملے گا عاصیان کا
غرض دونون پہ عصیان کا حکم آئے — معافی قط اُنھون پہ کوئی نہ فرمائے

در بیان تارک الصلوٰۃ زنان گوید

گیان ہین عورتان سب ترک صلوات — جہنم مین پڑینگیان روزِ عرصات
ہزارون مین کوئی اک ہے نمازی — دیا اُنکو ہے شیطان سخت بازی
بہت عورات ہین شیطان کی محکوم — ہین محکوم اُسکے سب جنت سے محروم

نہو تارک نماز و نکی اے عورات
کرو گی سیر کو دوزخ کے درکات

مداری بے نمازی کل جلین گے
جہنم مین ہمیشہ تلملین گے

نمازون سے توبس اُنکار رکھین
جمر توحید سے گئی کفر ہانکین

شراب و بھنگ و تاڑی اُنکے وافر
کہتے ہین سارے علما اُن کو خاسر

شراب و بھنگ و تاڑی کو بلا ہے
نہ پی اُسکو خباثت بر ملا ہے

غرض سب کو کیا شیطان نے ہے خوار
ہوے سب تابع اُسکے داخل النار

مگر خاصے بچین گے اُسکے شر سے
سبھی ڈرتے ہین ایسے گور خر سے

دربیان بے حیائی زنان گوید

ستر کو غیر کے دیکھے اگر کوے
تو لعنت اُسپہ حق کی خواہ مخواہ ہوے

جو عورت عورتون کا ستر دیکھے
غضب سے حق اُسے فی النار پھینکے

وگر لعنت کی خلعت حق سے پاوے
حوالہ آگ کا اُسپر ٹھہراوے

نہ دیکھے ستر کو عورت کے عورت
کہ تا حق سے نہ آوے اُسپہ لعنت

بجاؤل قضا حاجت کو دو چار
نہ دیکھو ستر اک کا ایک ہو خوار

اگر اس فعل بد سے باز آوین
تو رحمت کے تحائف حق سے پاوین

ہندوان کی عورتان تو بے ستر ہے
نہین دل مین خدا کا جنکے ڈر ہے

بیٹھین میدان مین جا کر خلا کو
اُنھون کے ساتھ کیون ہوتی بھلا ہو

وہ مشرک کافران منکر کمین ہین
تم نبیؐ کی امتی اور اہل دین ہین

یہ سب رسمون پہ ٹھالو دھول یکسر
کہ راضی حق ہو تم سے اور پیمبر

کرے جو رسم کافر تو یقین سے ہے
اُنھون مین سے ہے مسلم تو نہین ہے

دربیان نکاح ثانی گوید

اگر شوہر مرے تو بعد عدت
نکاح دوسرا کرے تو نہین ہے بدعت

کیے ہین یہ عمل عورات اصحاب کرو مت عیب تم ہرگز درین باب
اگر بالغ ہو کوئی اُن کے نکاح کا تو ہوا اُسپر گناہ اُس کے سفاح کا
جو عصمت سے رہے تو سب سے اولے اجر بخشے اُسے جنت مین مولے
وگر نہین رہ سکے تو اُسکو رخصت نکاح کرے نہین ہے اس مین بدعت
بچے لیتیان کرتے گر حرامی جلینگیان نار مین سُنیو مدامی
آوے اس فعل سے عزت مین خامی رہے گی نا اُنھون کی نیک نامی

دربیان جوگاربازی گوید

قمار آیا ہے باللہ ذلیل ملعون جو کھیلیگا وہ ہے شیطان کا مطعون
اونے ایمان کو گھر سے نکالا گیا ابلیس اُسکے مُنھ کو کالا
ہوا دجال کا وہ خانسامان پکارین تا خلائق اُسکو شیطان
شرابی بھپتیان ہین اُسکو بولین خبیثان سارے اُسکے عیب کھولین
رہا نہین اُسکو نیکون سے سروکار رہے گا حق تعالےٰ اُسپہ قہار
حرام اُسکو نہ بوجھے سو وہ کافر کبیرہ ہے کبیرہ بلکہ اکبر
اگر توبہ کرے تو ہے شفاعت وگر نہین اجر اُس کا ہر خباثت
کبیرہ ہے کبیرہ یہ گناہ ہے خدا کے قہر سے نین اُس پناہ ہے
پچیسی نرد شطرنج کل ہین مردود شرع مین بدترین اقبح ہین مطرود
یہ چوسر کھیلنا بازی لگانا حرام ہے شرع مین یہ گوہ کھانا
اگر کوئی کھیلتے دیکھے تو اُس پر گناہ ہے دیکھنا جون ستر مادر
نہ کھیلو میرے نانہ نرد و شطرنج دیا دے دین کو تیرے بقصد سرنج
سگل دوزخ کا بجھ والی کرینگے سبھی حسنات سے نہال کرینگے
اگر توبہ کرے تو دین پاوے وگر نہین گھر تیرے ابلیس آوے

[illegible] ۱۲۵۵

دربیان مذمت زنان گوید

نہ نہاؤگے ملکے تم ونلی پانچ عورات
تادر دوزخ کھلے تم پر ہر ساعات

ستر تم دیکھتی ہو ایک کا ایک
جہنم مین جلاوے گا تمھین سینک

نہ دیکھو ستر اک کا ایک زنہار
نہ ہو لعنت نہ داخل ہو دو فی النار

بچھاوینگے قبر مین نار تیران
مصاحب بد تمھارا ہووے شیطان

کروگی سیر صحرا سے سفر کا
کھلاوین پیڑ دوزخ کے تھوہڑ کا

دربیان مذمت شرک گوید

شرک کرتی ہین پیران ہوکے بیباک
ذرہ نہی حق کا انکے دل مین دھاک

کہو کہتی ہے یا لالا مرے پوت
کتی جاتی ہین دیرا پوجنے بھوت

کتی رکھتی ہین چوٹی پیر کے نام
کتی مشرک ہو رکھتین پیر کے نام

کتی کا کا سور کو دل سے مانین
کتی ہنوت پہ جانا ریل بجانین

کتی روزے رکھین لونڈی وسا کا
کتی مانت کرین شیطان کی ماکا

بڑی بدبخت ہین محروم رحمت
خدا کو چھوڑ کر لیتی ہین لعنت

ارے مانگو خدا سے وہ ہی دیوے
نہین طاقت کسی مین جو دلاوے

اگر عالم سبھی ملکر کے آوے
نہین اک مو مثل مالک بناوے

وہی خالق جسے چاہے اسے دے
اگر چاہے نہین تو باز لیوے

وہان چارا کسی کا نین ہے چلتا
اسی کے خوف سے ہر کوئی گلتا

نہ پوجو غیر رب کے تم کسی کو
دیوے لیوے یہی قدرت اسی کو

بوجھو محتاج ہے ہر کوئی اسکا
نہین ہے احتیاج اسکو کسی کا

کرو توبہ تو تم پاؤ خلاصی
نہین تو جاے ایمان ہوگے عاصی

دربیان مذمت تاڑی خواران گوید

نہ پی تاڑی خدا ہے اس سے بیزار　　بہت رسوا حشر مین ہوئے گا خوار
مزے مین موت سے بدتر کہا جاے　　مزے مین خمر سے بدتر ہے فرماے
بہت بدبو تعفن گوہ سی آوے　　اگر کتے کو دو تو منھ ہٹاوے
کہین جاہل اسے رس جھاڑ کا ہے　　یہ کلمہ کفر اور اہل النار کا ہے
نہ بولو اس طرح ایمان جاوے　　خدا سے دور پڑ ایمان گنواوے
حرام اسکو نہ بوجھے ہے وہ کافر　　زبان وہ حشر کے جا کھیگا وافر
خرابی دین کی ایمان گنواوے　　ولیکن نشو خوشی شیطان پاوے
وہ ہے دشمن خدا کا دشمن دین　　اسے کہین پیشوا سارے شیاطین
وہی دیوان ہے شیطان کی گھر کا　　وہی سراوج ہے دجال و خر کا
اگر توبہ کرے تو عفو ہو جاوے　　وگرنہ وہان مین الٹا ٹنگا جاوے

دربیان حقوق شوہر بزنان گوید

خصم کا مرتبہ آیا ہے افضل　　بجا لاؤ جو خدمت ہو مفصل
خیانت مت کرو شوہر کی زنہار　　وگرنین حشر مین ہو گی داخل النار
خصم کو چھوڑ تنہا کھاؤ مت ری　　رضا بن باپ کے یان جاؤ مت ری
بہت آداب سے راکھو رضامند　　کرو خدمت جو ہووے تم سے خرسند
خدا خوشنود راضی ہووے شوہر　　خوشی ہون مصطفیٰ حق کے پیمبر
تمھارے ہر عمل مین ہو دین برکات　　جواب مت دو تم ہی شوہر کو عورات
شفاعت اسکے گھر خود چلکے آوے　　بہشت بھی اسکے استقبال آوے

دربیان مذمت صحنک گوید

یہ صحنک کی رسم کہان سے نکالیان　　ملائک کیون نہ دین ایسون کو گالیان
کہین یہ طعام کھاوے کوئی مرد نین　　مگر پر چھائون بھی ہرگز پڑے نین

نہ حاضر ہوویں اس مجلس میں لڑکی
ایسی رسموں سے کل کھاوینگی جھڑکی

نہ بی بی نے کبھی چانول پکائے
نہ فرمایا نہ کب کھانے میں آئے

نہ منقول اور نہ آثار و حدیثات
یہ بدعت کہاں سے پایاں ہیں خبیثات

پکانا اور کھلانا کچھ گناہ نہیں
کریں گر رسم تو انکو پناہ نہیں

رسم چھوڑو کھلاؤ سب جماعت
ثواب ہوویگا نہیں اسمیں قباحت

رسم کھانے پہ ہے مکروہ تحریم
کرو مت رسم گر محشر کا ہے بیم

در بیان مذمت منہدی گوید

رسم منہدی کی کرتے ہیں گے ڈر نہیں
وہ حضرت پیر کا دل میں خطر نہیں

دیکھو منہدی پہ روشن ہیں چراغان
منگیں اولاد ملک و مال باغان

چڑھاویں ہار موگرے کیوڑا بیل
بھی لٹکاتے ہیں میوے کیل ناریل

پیچھے کر سجدہ مانگیں ہیں مرادات
یہ کیا ہے کفر اور کیسے فسادات

عذابان حشر کے ہیں سخت بھاری
بہت رسوا کریں گے ہوگی خواری

خدا سے دور پڑ دوزخ میں مت جاؤ
نبیؐ کو چھوڑ مت کفروں میں تم آؤ

کرو منہدی نہ کوئی تم اس سے باز آؤ
و گر نہیں ذیل میں سیدھے چلے جاؤ

خجالت حشر میں کھینچوگے بے حد
سبھی کھانے پکانیں ہوئیں گے رد

نہیں راضی ہے بدعت سے کوئی پیر
ہووے گی رد مٹھائی کھچڑی اور کھیر

جنھوں سے ترک ہوئی نیں ایک سنت
انھوں کو کیوں پسند آوے یہ بدعت

ندامت سے صباح سب تلملوگے
خجالت کے توے میں دل تلوگے

در بیان مذمت کونڈہ گوید

بڑی بدعت ہے کونڈنے کی اے یارو
یہ بدعت عورتوں سے ہے بچارو

انھوں سے خوف حق کا اٹھ گیا ہے
نہ ان کو دین احمدؐ کی حیا ہے

جو آوے من مین بدعت وہ کیوں جائین　　نبیؐ کی کچھ حیا نین حق سے شرمائین
کرو توبہ رسوماتون سے جہّال　　قیامت مین پڑین گے تم پہ جنجال

دربیان مذمت پھدالیان گوید

پھدالیون نے نکالی ہے گی پٹی　　یقین بوجھو یہ دوزخ کی ہے ٹٹی
لگایا مورچہ ایمان پہ شیطان　　رسم سکھلا گیا ہے تم کو ہامان
رسم کی تم پہ ڈالا ہے وہ بُرکی　　بجانا دمبدم ہے تمبیرہ پُرکی
جڑین کھودے تمہاری دین کی کافر　　سکھایا تم کو اپنی رسم وافر
ہلاک ہووین نہ کیون محشر مین عورات　　نکو پکڑوا ریا اور جگنّات
سما پٹی نہ دیو کافر مروگی　　جہنم کے سنڈاسون مین پڑوگی
بجز توبہ تمہارا دین نین رہے گا　　یقین بن اتنا کون تم کو کہے گا

دربیان مذمت گنج بھرنا گوید

رسم کرتی ہین گنج بھرنے کی عورات　　گنہ کرنے مین کیون کرتی ہو مورات
خدا کو چھوڑ کر جاتی کہان ہو　　نبیؐ سے توڑ کر آتی کہان ہو
یہ گنج نین بلکہ بوجھو گنج دوزخ　　جلا دین گے تمن کو بیچ دوزخ
خوار ہوتی ہو کیون محشر مین عورات　　تمہارا گرو ہے کیا ابلیس بدذات
قیامت کی ہے تمکو کچھ بھی دہشت　　نبی سے دور ہو نہ کرو حق سے دہشت
نہ فرمایا اماموںؒ نے نہ اصحابؓ　　نہ تبع التابعینؒ نے بھی درین باب
شریعت کا نہین ہے تم کو بہانا　　نبیؐ کے دین بنا نین کہین ٹھکانا
کرو توبہ تمھین از گنج بھرنے　　والّا نین پڑین گے رنج بھرنے

دربیان مذمت ساعتن منڈوا گوید

رسم منڈوے کی نین تم کو سزاوار　　نہ رہے ایمان ہووے داخل النار

اُسے ناڑے ین بندھین مانگین مرادان ۔ چلی جاوین جہنم مین ہو شادان

پیچھے ناریل کو توڑین کر رسومات ۔ دیوانہ کیا لگا ہے تم کو عورات

صندل گھس گھس لگاوین پی کر ماری ۔ تمھاری راہ ان رسمون نے ماری

پیچھے لا اوڑھنی اُسکو اڑھاوین ۔ آپس کے ہاتھ گھر اپنا جلاوین

گہنا پھولون کا اسپر بار ڈالین ۔ سدا اپنا ایمان مار ڈالین

کرو توبہ خدا سے شرک مت لاؤ ۔ نبی سے دور پڑ دوزخ مین مت جاؤ

دربیان مذمت رت جاگا گوید

رسم رت جاگا نکالے ہین خبیثات ۔ کہ جس مین فسق ملوا اور فسادات

چکھین معجون کرین سب فسق چالے ۔ یکھا وچ ڈھولکی اور راگ مالے

نہ وان مذکور ہے ذکر الٰہی ۔ نہین جز فسق وان کس کی دُہائی

فحش بن وہان کسی کا کچھ عمل نین ۔ محدث واعظون کا کچھ دخل نین

وہان سب سلطنت شیطان کی ہے ۔ وزارت کل وہان ہامان کی ہے

جو فاسق ہو سو وہان کا ہووے ماہر ۔ سبھی کا ڈانواڈول وان ہووے ظاہر

نچاوین مکھ پلاوین راگ گاوین ۔ ملائک سارے وان سے بھاگ جاوین

گذارین رات سب در تان بازی ۔ حشر مین کیون نہووے جان گدازی

ایسی سیئات کو ٹھہرائین حسنات ۔ کہو حق کیون نہ بھیجے اُنپہ آفات

ایسی جرأت خدا سے پیش تا جاے ۔ غضب آوے غضب آوے غضب آئے

یہ رسمین کفر کی ہین باز آؤ ۔ وگرنہ قہر حق تم پہ بلاؤ

خدا سے مت پھرو نین کوئی ٹھکانا ۔ نبی کو چھوڑ کر کس کن ہے جانا

کرو توبہ رت جاگا نہ بنواؤ ۔ وگرنہ ویل مین سیدھی چلی جاؤ

سنو اب دل سے یہ شیطان بازی ۔ کرو تم دور یہ بیہودہ سازی

رت جاگا خدا کے قہر کا نام ۔ کیا عورات اسکو رسم اسلام
کہتی ہین بیجا محروم رحمت ۔ کہ رت جاگا کیا خاتون جنت
معاذ اللہ یہ تہمت اُنپہ کیون آئے ۔ مگر وہ مفتری خود ویل مین جائے
حشر مین مفتری ماخوذ ہون گی ۔ اگن مین تہمتون کی خود جلین گی

دربیان مذمت ڈھول گوید

یہ بدعت ڈھول کی تم کو کیے خوار ۔ اسی شامت سے تم سب ہو گی فی النار
بغیر از ڈھول نین ہوتی ہے شادی ۔ نیابت دی ہے شیطان تمکو آدھی
اگر مفلس کے گھر کو طفل آوے ۔ بلا ہیجڑے وہ گھر موذی نچاوے
گرو رکھ چیز یا کہین سے نکالے ۔ و یا وہ جا کسی سے قرض لاوے
دیا شیطان لا انکو یہ باجا ۔ خوشی شادی مین وہ کرتی ہین گاجا
پکھاوج ڈھولکی مزمار یے تین ۔ نہون شادی اندر تو معتبر نین
کہین شادی نہین ماتم سرا ہے ۔ نہین کچھ لاج بھی اُسکو ذرا ہے
نہ خوف حق نہ پیغمبر سے ڈرتے ۔ جو کچھ شیطان سکھایا وہ ہی کرتے
حلال اسکو صریحاً بوجھتے ہین ۔ چھڑک صندل کو اسپر پوجتے ہین
اگر قاضی کے وہان جاوی شرف پائے ۔ اُسے مفتی باستقبال پیش آئے
مشائخ شہر کے سب اور سیانے ۔ کرین تعظیم اور دیوین دوشالے
عرس ڈھولکی بنا کس کیان رواہے ۔ نقارہ ڈھول کے بن کہین کچھ ہوا ہے
وگر نین وہان جسکے گھر مین جان ۔ تو دین انکو پگڑیان چھینٹ کی تھان
جسے مجلس مین ڈھولکی کا گذر نین ۔ تو وہ میلا وہ مجمع معتبر نین
ملے ڈھولکی تو سب کیان ذی وقر ہے ۔ یہ فرقہ دین مین بھی معتبر ہے
حرام ہے ناچ اور ڈھولکی فسادات ۔ نچاؤ مت ڈومنیان ہین وہ منہیات

پکھاوج ڈھولکی مزمار ناقوس — حرام ہین شرع مین یہ فعل معکوس

در بیان حقوق والدین گوید

حقوق الوالدین ہین فرض منصوص — کلام اللہ مین آئے ہین کے مخصوص
کبیرہ سے کبیرہ تین گناہ ہین — اول سب ستی شرک باللہ ہین
حقوق الوالدین آیا ہے بد تر — کبیرہ سے کبیرہ ہے یہ اکبر
پیچھے ہے قول زور و شاہدی زور — رکھے حق ان گناہون سے تجھے دور
مؤدب رہ تو مان باپون سی دن رات — بلند ہووین ترے دو جگ مین درجات
جوابان مت دو کوئی مان باپ کو سخت — نہ بولے تا خلائق تجکو کم بخت
جو گالی دیوے کوئی مان باپ کو گھور — پڑینگے اُسکے تن مین کرم و ناسور
جو کوئی خدمت کرے مان باپ کی خوب — تو ہووے گا دونون عالم مین محبوب
کرین گر بد دعا ناحق جو مان باپ — ہلاک ہووے وہ لڑکا آپ سی آپ
اگر مان باپ تجھ ناحق ستاوین — صبر کرتا ہدایت حق سے پاوین
حقوق الوالدین آئے ہین بسیار — کہون مین کب تلک انکو بیان وار
اگر دے بادشاہی باپ کو آپ — ادا ہرگز نہ حق ہووے گا مان باپ
غرض مان باپ کے حق کی نہین حد — رضا بن جو کرے سو ہے سبھی رد
کرے جو مان سے بیٹے کو جدا کوے — وہی لعنت خدا کی مین غرق ہووے
اُسے سور کا کالا رُو سو ہو گا — جو رو گردان پدر مادر سے ہوگا
جنت پاؤن تلے مادر کے ہے گی — جو برّا الوالدین اُسکو ملے گی
غرض راضی رکھو تم باپ مان کون — ڈرو نِس دن تم ہی اُس کبریا سون

در بیان صلۂ رحمی گوید

صلۂ رحمی سو ہے گی فرض منصوص — کہ کل فرضون سی فرض ہے گا یہ مخصوص

صلہ رحمی کا حق جس سے ادا ہو — معین اُسکا دو عالم میں خدا ہو
جہاں میں اُنکو دو چیزیں دی جائیں — طویل العمر اور برکت کے تئیں پائیں
اُسے برکت بھرا وہ رہے گا محفوظ — رکھے گا حشر میں حق اُسکو محفوظ
بہاڑیں بانٹ کے تولیں گے اعمال — حشر میں ہوویگا وہ سب سے خوشحال
صلہ رحمی کے یہ معنے ہیں فرمائے — بھتیجوں بھانجوں کو پوچھنے جائے
برادر بھی ہے اور نانی و دادی — بلاویں وہ تو جا گر ہووے شادی
غمی شادی میں سب کی ہو تو حاضر — اُنھوں کو شاد کرتا ہووے یہ شاکر
قبیلے کے جتنے ہوں سب گنے جائے — زہر احوال پرسی کر کے پھر آئے
ہر اک ہفتے میں سب کے گھر کو جاوے — خبر لیوے سبھوں کو خوش کر آوے
قبیلے کے جتنے ہوں سب کو مانے — اُنھوں کو خوش کرے اور دوست جانے
سبھوں کی خیریت کو پوچھنے جائے — ہر اک ہفتے میں اُنکو پوچھ کے آئے
خبر لے خرچ کی گر ہوویں نادار — ستاوے کوئی اُنھیں تو اُسکو للکار
غنی گر ہو تو اُسکو پوچھکر آئے — صلہ رحمی اسے کہتے ہیں علمائے
تو اُسکے اجر کا کہانتک بیان ہووے — لکھے گا تو کہاں تک لکھ سکے کوے
صلۂ رحمی سے اکثر ہیں گے بیزار — اسی سے ہو وینگے سب داخل النار
صلہ رحمی کو سٹ پکڑے عداوت — گذر رحمت سی پکڑے ہیں شقاوت
نہیں کرنا شقاوت اور عداوت — نہو گی جسکے کرنے سے شفاعت
نہ جاؤ ویل میں جنت کو سٹکے — لگیں گے نارکے وہاں تمکو جھٹکے

در بیان مذمت سحر و ساحر گوید

نہ سیکھو سحر جادو گر ہے کافر — خدا کی لعنتیں اُسپر ہیں وافر
شفاعت اسکی محشر میں نہو رے — ثبور[لہ] اور ویل میں جا کرکے سووے

لہ نام ہے طبقات دوزخ کا ۱۲ [illegible]

کلام اللہ مین کئی آئی ہین آیات — مقام ہے ساحرونکا ویل درکات
وہ ہر دیدار کی دولت سے محروم — وہ فاسق ہے وہ فاجر ہے وہ مخذوم
پکارینگے اُسے دوزخ مین ملعون — رہیگا وہ سدا محشر مین مطعون
سوا اسکا حشر مین ہوگا بھاری — کشاکش مین پڑیگا ہوگی خواری
سحر سیکھا سو کیون ہووے مسلمان — نہ بچیگا کوئی بدل جادو کے ایمان
سحر کو سیکھنا ہوتا ہے کافر — ملے گی اُسکو لعنت حق سے وافر
اگر کوئی سحر اور جادو سکھاوے — تو اُسپر قہر حق خود چل کے آوے

دربیان مذمت زنان گوید

یہ دھندا عورتون کا کفر آیا — کلام اللہ مین یہ مفہوم پایا
سراپا جھوٹ لعنت حق سے آوے — سلاسل اُن کو دوزخ مین پنہاوے
یہ علم غیب کس کو نہین سزاوار — بجز حق جو کرے دعوے سو فی النار
جہنم کا اسے والی کرین گے — نکال ایمان اُسے خالی کرین گے
بڑے مردود ہین وہ بے حیا زور — رکھے حق مومنون کو ان ستی دور
جو کوئی باور کرے انکے اکاذیب — اُسے بھی ویل مین ہووینگے تعذیب
نجومی ڈھونڈھنے والے ہین مردود — ولی فرعون کے مخذول ومطرود
نہ دعوے کریو علم غیب کا زور — خدا اپنا کرے گا تجکو مقہور
اگر توبہ کرے تو مغفرت پاوے — وگرنہ ویل مین سیدھا چلا جاوے
معاذ اللہ پناہ مانگو خدا سون — بچاوے ہمکو تمکو اور سب کو ن
مکر سے دھن کر کچھ بکتے ہین بدذات — اکاذیب اور مزخرف اور خرافات
بہت مقہور ہو رسوا ہووین گے زور — شفاعت اُنسے ہوگی اک جہان دور

دربیان مذمت ریش تراشیدن گوید

رکھو داڑھی منڈاؤ مت مسلمان ‌ ‌ اگر ہے تمکو ہر سنت پہ ایمان
حرام آیا ہے داڑھی کا منڈانا ‌ ‌ کترنا اور رکھانا اور گھٹانا
حکم ہے ریش کا رکھنا نبیؐ سے ‌ ‌ ز اصحابؓ و تواِبع اور سبھی سے
رکھو داڑھی منڈاؤ مونچھ سارے ‌ ‌ اگر ہو اپنے پیغمبرؐ کے پیارے
شرع مین مونچھ کا رکھنا روا نین ‌ ‌ حرام ہے ہر کہین جائز ہوا نین
رکھے گا مونچھ تو ہو جائے گا پوچ ‌ ‌ اگر باور نہین تو جا شرع پوچھ
جیسے شارب شرب مین غوطہ کھا جاے ‌ ‌ تو اُس پانی کو حرمت کا حکم آئے
رکھو مت مونچھ حضرت منع فرمائین ‌ ‌ رکھین مونچھین تو امت مین نہ کہلائین
اڑینگیان ہو ستون در روز محشر ‌ ‌ نہ سجدہ کر سکے گا رب کو وہ خر
محاسن حسن ہے مومن کے اوپر ‌ ‌ محاسن بن کہینگے اُسکو باندر
محاسن ہے تو شائع دینداری ‌ ‌ محاسن سے مسلمانی ہے ساری
محاسن سے مسلمانی بچھا دے ‌ ‌ محاسن سے نبی کا قرب پاوے
مچھندر کیون نہین ہین یہ مسلمان ‌ ‌ شباہت کفر سے کھوینگے ایمان
خدا کا قہر ہو بر ہر مچھندر ‌ ‌ پڑینگے ہاویہ مین روز محشر

در بیان مذمت تابوت گوید

رسم تابوت کی کرتے ہین بہوت ‌ ‌ خدا اُنکو کرے گا حشر مین بھوت
نبیؐ کی آل کی کرتے ہین تحقیر ‌ ‌ یزیدون کی کرین تعریف و توقیر
یہ کیسی بوجھ اِن کو آپڑی ہے ‌ ‌ قساوت انکے دل مین کیا بڑی ہے
اُسی مردود مین دبوین تھا خر ‌ ‌ اُسی کی جھاڑتے ہین جا کے آخر
اُسے اپنا مربی کر پڑے ہین ‌ ‌ اُسی کی بندگی مین گر پڑے ہین
اُسی کی فتح کے مداح ہین بھاٹ ‌ ‌ اُسی کی فوج کے کرتے ہین کئی ٹھاٹ

اہانت رات دن سو آل کی ہے
در یغا کیا کیا ہے وہ شمر شوم
گرایا دین کا کعبہ وہ ذوالفیل
بنا تابوت جون بت کرکے زینت
کرین عاشورخانہ ماتم آباد
رکھین تابوت انمین کرکے سنگار
پیچھے مانگین ہین ہم کو پوت آوے
دیکھو تابوت کو کیا مانتے ہین
دیکھو دل سے بھی اُسکو پوجتے ہین
علاوہ پر اسیکو وارتے ہین
جلا لکڑن مین ہولی کے وہ کھیلین
شہر سارا اپنے مطلب ٹھٹھولین
بہت بدمست ہوکر جاتے جاتے
دیکھا دیکھی آپس کو پیٹتے ہین
ولے دل مین کسی کے تو نہین درد
سیہ رو کل کو محشر مین جلین گے
کسی مذہب مین یہ جائز ہوا نین
یہ بدعت کھیل کی ہے اور خوشی ہے
اسی بدعت سے کل ہووینگے وہ خوار
تمسخر آل کا ہوتا ہے سارا
اہانت آل کی کرتے ہین دن رات

اُسی سے اُسکے گھر کی پالکی ہے
نبی کی آل کو کیا جگ سے معدوم
الٰہی بھیج اُن پر وہ ابابیل
کرین جھک جھک سلامان باعقیدت
ولیکن فی الحقیقت عیش برباد
مگس رانی کرین اُسکی وہ بدکار
ترقی رزق ہو دولت دکھاوے
اماموں سے بھی افضل جانتے ہین
اگرچہ معصیت ہی بوجھتے ہین
بلم اور سیف پٹا کو جھاڑتے ہین
اماموں کی ہزیمت اُس مین بولین
اہانت کی بیاضون کو وہ کھولین
جہالت سے آپس مین نین سماتے
گریبان چاک کر کر کوٹتے ہین
بہت جھوٹے ہین حشر مین ہونگے رو زرد
یزیدی ویل مین سب تل ملین گے
سنی اور شیعہ مین بھی روا نین
فاما فی الحقیقۃ دین کشی ہے
خجالت سے سبھی ہووینگے فی النار
شیاطینون نے سارا دین بگاڑا
منازل اُنکے ہونگے ویل و درکات

بنا ماتم سرا کرتے ہین عشرت ۔ کرا اسراف ان دکھاتے ہین گے ہمت

بلاوین رام چھننا چھوکرے گائین ۔ زٹل کہانیان قصے اور مرثیہ گائین

مٹھائیان دودھ پیڑے اور بتاسے ۔ منگا پکوان کھانے کے ہین خاصے

سنبوسے برنیان کھاجے منگاوین ۔ ضیافت کر کے دولت مند کھاوین

مساکین کو جو کچھ دادین تو احسان ۔ فقیرون کو نہ جانین ہین وہ انسان

پیچھے تابوت کو رستے پھراوین ۔ اُسے لاتون سے توڑین اور دباوین

یہ دنٔین دن عیش کو ماتم کہے ہین ۔ فساد و فسق فاجر کر رہے ہین

کجا ماتم کجا غم اور کجا سوگ ۔ تماشے کا سبھون کو آلگا روگ

بٹھاوین حافظان تو عین حسنات ۔ کراوین ختم قرآن اور خیرات

لٹاوین خلعتان کھانے کھلاوین ۔ زبس خیرات سے وہ پیش آوین

ثنا صلوات سے مشغول ہووین ۔ اماموں کے لیے دن رات رووین

یتیمون بیوہون کو بھی دلاوین ۔ ثوابان اجر کے حق پاس پاوین

یہ نیکی اُنکے دل کو نہین ہے بھائی ۔ فضولی اور شقاوت اُن پہ چھائی

یہ حسنات اُن کے گردل بیچ آتے ۔ رہ حق چھوڑ کر کیون سیئات جاتے

وبال اُنپر پڑے گا ویل درکات ۔ عذابان سخت پاوین روز حشرات

اگر توبہ کرین ان بدعتون سون ۔ تو پاوین مغفرت کی خلعتون کون

در بیان خاتمہ رسالہ گوید

چھ سو ابیات سے زائد کہا ہون ۔ بیان صوم و صلوٰتون کا کیا ہون

اگر مقبول ہووے تو رجا ہے ۔ یقین حق سے مجھے یہ التجا ہے

زبے علمی قصور کج فہمی ۔ کیے ہین نے مسائل یہ تمامی

عرض ہے عالمون سے گر خطا ہو ۔ کرین اصلاح جو عین عطا ہو

قباحت رسم کی کر دی ہے ظاہر
عذابون سے کیا ہون سب کو ماہر
جو تائب ہون توکل درجات پاوین
الٰہی رشد بخشے تا پڑھین کل
مرے ابیات کر مشہور آفاق
ہر اک مکتب بین اسکا ذکر ہووے
اسے ہر شخص کا ورد زبان کر
پڑھین اس نظم کو سب اہل اسلام
اسے مقبول کر نزدیک ہر فرد
اسے منشور کر مانند باران
یقین نقہ المبین کو کرکے مختوم
صد و ہشتاد دو پر الف ہجرت ۱۱۸۲ھ
گیارہ سو برس اسّی اوپر دو

خدا توفیق دیوے سب کو وافر
نہ چھوین انکو ہووین دین سے باہر
وگرنین ویل کے والی کہاوین
معطر کر معنبر رائحہ گل
بحق آلہٖ اور ان کے اخلاق
ہر اک مبحث مین اسکا تکرہ ہووے
اسے ہر فرد کا تو حرز جان کر
کہ ہون جاری جہانین اسکے احکام
اسے مشہور کرتا ہو جہان گرد
رکھین منظور اسے ہر دہ ہزاران
بحق دین پناہ اور آل معصومؑ
بتاریخ ہمایون گشت تمت
سن ہجری سے گذرے تھے نباکو

تمت

شروع ہوئی دعاے سریانی مع ترجمہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَنَا الْمَوْجُوْدُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
مین ہون موجود سب مجھ پاس آؤ
جو میرے غیر کی راکھو طلب تم
اَنَا الْمَقْصُوْدُ لَا نَقْصُدْ سِوَائِیْ
تمھارا یا عبادی مین ہون مقصود

فَاِنْ تَطْلُبْ سِوَائِیْ لَمْ تَجِدْنِیْ
مجھے شہ رگ ستی نزدیک پاؤ
تو نین پاؤ مجھے جس جا لگھ جاؤ
کَثِیْرُ الْخَلْقِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
نہ بوجھو مجھ بنا کوئی اور موجود

میں سرجن ہار ہوں یہ سب خلق کا
اَنَا الرَّبُّ الَّذِیْ یَخْشٰی عَذَابِیْ
میں ای بندے اسم رکھتا ہوں تمہار
چلو دن رات مجھ شہ کے حکم پر
اَنَا الْمَلِکُ الْمُہَیْمِنُ جَلَّ قَدْرِیْ
تمہارا میں ہمیشہ ہوں قدردان
بڑی ہے بہت میری بادشاہی
اَنَا الْمَعْبُوْدُ لَا تَعْبُدْ سِوَائِیْ
سچا معبود مجھ بوجھو اے عباد
میں غالب ہوں ہر اسب پر حکم ہے
اَنَا لِلْعَبْدِ اَرْحَمُ مِنْ اَبِیْہِ
کروں اتنا رحم تم اوپر آپ
خبر لوں رزق کی اکر شب و روز
تَجِدْنِیْ وَاحِدًا صَمَدًا عَظِیْمًا
میں ذاتوں ذات ہوں آپ ہی اکیلا
کروں احسان میں ہر ہر فرد پر
تَجِدْنِیْ مُسْتَغْنِیًا لِّیْ مُغْنِیًا
اہی بندے آؤ سب مجھ پاس فریاد
کروں مظلوم کی میں دستگیری
وَاَدْعُوْکُمْ مِنْ عِبَادِیْ مَنْ عَصَانِیْ
کروں عاصی اوپر میں رحم فی الحال

جسے چاہوں کروں اک پل میں نابود
جَمِیْعُ الْخَلْقِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
ڈرو میرے غضب سے کل یہ سنسار
جو چاہتے ہو خلاصی میرے دربار
عَظِیْمُ الْمُلْکِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
اگر بستی میں ہوں یا در بیابان
پکڑ کھینچوں میں شاہوں کا گریبان
اَنَا الْجَبَّارُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
نہ ہرگز غیر میرے کی کرو یاد
رکھوں غمگین کسی راکھوں کسے شاد
وَمِنْ اَبَوَیْہِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
نہ ایسا کر سکے بھائی وماں باپ
کروں بیمار پرسی جب چڑھے تاپ
کَثِیْرُ الْبِرِّ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
نہ رکھتا ہوں کوئی خادم نہ چیلا
نہ دیکھوں کون پہلا کون پچھلا
اَنَا الْقَہَّارُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
اگر تم پر کرے کوئی ظلم و بیداد
اڑا دوں دولت ظالم کو برباد
بِجَہْلٍ مِّنْہُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
نہ دوں وعدہ اسے پرسوں و یا کال

مری رحمت کے ہین معمور دریا
تجدنی فی سواد اللیل حبلی
اگر بندے تم اٹھو پچھلی پہر رات
تم ہی پاوگے مجکو بہت نزدیک
تجدنی راحما برا رءوفا
اے بندے نام ہے میرا سو رحمان
بنی آدم پرندے جانور کو
تجدنی واسعا للخلق غیری
کرم میرا خلائق پہ ہے بسیار
کرو میرا ذکر ہر دم ہمیشہ
تجدنی فی سجودک حین تدعو
تم ہی سجدے منے ذاتان پچھاڑو
دعا اُسوقت مین ہووے گی مقبول
اذا اللھفان نادانی کظیما
اگر غمگین پکارے مجھے اندوہ
کہون لبیک ہان حاضر کھڑا ہون
اذا المضطر قال لا ترانی
جو آوے غمزدہ مجھ پاس ناگاہ
کرون اُسپر نگہ لطف و کرم کی
اتعرف من یغیث الخلق غیری
خلق کی کون پوری مجھ بنا آس

کہون تو مین نا ہووین یہ جہال
قریبا منک فاطلبنی تجدنی
کرو اُسوقت مین مجھسے مناجات
سنونگا مین تمھاری پیاری وہ بات
بکل الخلق فاطلبنی تجدنی
صبح اور شام سب میری ہین مہمان
موافق حال کے پہونچاؤن سامان
انا المذکور فاطلبنی تجدنی
غریبون عاجزون کا مین سچا یار
جو سوتے ہو جو بیٹھے ہو ہوشیار
وحین تقوم فاطلبنی تجدنی
کھڑے ہو کر ہزاران آہ مارو
تم اپنے کام دو جگ مین سنوارو
اقل لبیک فاطلبنی تجدنی
کہ اے مولا کیا ہے غم نے انبوہ
اٹھادون درد و غم کے وہ بر کوہ
نظرت الیہ فاطلبنی تجدنی
کہ مارے بیقراری سے وہ اک آہ
چھڑاؤن بند غم سے کھول دون راہ
سریع الاخذ فاطلبنی تجدنی
رہی دن رات یون موجود تجھ پاس

جہنم آگ سے دیوے خلاصی
اَنَا مُنْقِذًا غَیْرِیْ سَمَا یُعْمَا
ای بندون کون ہی تمکو جو بچا ہوے
نہ پاؤ غیر میرے کوئی دو جہان مین
اَنَا وَمَنْ یَقُلْ لِشَیْءٍ غَیْرِیْ
ہی ایسا کون خلقت مین کرن ہار
مین قادر ہون بڑی قدرت ہی میری
اَنَا سَاتِرُ الْغَیْبِ غَیْرِیْ
بڑا ستار ہون مین عالم الغیب
اگر جیتے ہو خوبی یا عبادی
فَاِنْ تَابَ تُبْتُ عَلَیْهِ عَبْدِیْ
کرو تم یاد ہر دم روز میثاق
مری رحمت جو ہی سابق غضب پر
وَمَنْ مِثْلِیْ فَاَیْنَ یَکُوْنُ مِثْلِیْ
کہو ہی کون جگ مین مجھ جیسا شاہ
ہوا نہین مجھ مثل کوئی نہ ہوگا
هَلُمَّ اِلَیَّ لَا تَقْصُدْ سِوَائِیْ
اگر جیتے ہوا سے بندو شرف تم
کرو شکرانہ نعمت دلون سے
اَتَاکُمْ لَیْلَةً نَادَیْتُ سِرًّا
دعا مانگو اسے بندو تم صبح شام

سنگھاوی بہشت کے پھولونکی خوشباس
مِنَ الْمُمْکِنَاتِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
سوا میرے بلا کی سے چھڑاوے
کہ مشکل وقت اندر کام آوے
کُنْ فَیَکُوْنُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
کرے اک حرف سے عالم کو اظہار
نہین میرے مثل زنہار زنہار
اَنَا السَّتَّارُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
چھپاتا ہون زن و مردونکی کل عیب
تو کس کے عیب مت کھولو بلا ریب
اَنَا التَّوَّابُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
رہو اس عہد پر تم قوم عشاق
کرو اس طور تم تحسین و اخلاق
وَلَیْسَ یَکُوْنُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
کہین دیکھی ہے ایسی عالی درگاہ
ہین لاکھون نام میری ہون اک اللہ
اَنَا الْمَقْصُوْدُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
تو چل اؤ شتابی مجھ طرف تم
نہ بولو غیر سیتی یک حرف تم
اَلَا اَسْمَعُكَ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
چھپے ظاہر تجھے فرماؤ سب کام

خزائن ہیں مری معمور بھرپور
فَلَا تُبْخِلْ یَا عَبْدِیْ سُؤَالِیْ
اے بندو سو رہے ہو کیوں اٹھو جاگ
جسے چاہوں اسے بخشوں خلاصی
وَلَیْسَ یَمْلِکُ الْفِرْدَوْسَ غَیْرِیْ
نہیں کوئی غنی کوئی قلندر
میں ہوں رزاق مطلق یا عبادی
اَهَلْ فِی الْخَلْقِ مَنْ یُعْطِیْ جَزِیْلًا
خلق میں کون ایسا ہے کہ بے رنج
یہ میری جود و بخشش کی صفت ہے
اَلَمْ شُفْ سَاتِرُ اللّٰهِ ذَنْبِ غَیْرِیْ
آیا ہے جگ میں کوئی مجھ سا غفار
میں بخشش یار ہوں جن و بشر کا
سَاَغْفِرُ لِلْعِبَادِ وَلَا اُبَالِیْ
بخش ڈالوں کروڑوں میں گناہان
نہ کوئی بھر سکے اس جائے پر دم
وَاُکْرِمُ مَنْ یُّرِیْدُ بِلَا حِسَابٍ
جسے چاہوں اسے دوں بہت تعظیم
میں ہوں وہاب میرا لطف ہے عام
فَعَرِّ ذُنِیْ وَلَمْ تَرْقُطْ اَصْلِیْ
اے بندے کر تو مجھ سے آشنائی

سبھی مطلب کو پہونچاؤں سرانجام
مِنَ النِّیْرَانِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
ہے آگے دوزخوں کی سخت تر آگ
نہ میرے غیر کے لاگے وہاں لاگ
اَنَا الرَّزَّاقُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
جو تمکو محل دیوے بہشت اندر
فضل سے دوں قصور و حور و کوثر
سِوَائِیْ لَیْسَ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
غریبوں پر لٹا وے یہ زر و گنج
لٹانے میں کروں نا سات نا پنج
اَنَا الْغَفَّارُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
غلاموں کے گنہ بخشے جو لک بار
ولے مشرک نہ بخشونگا میں زنہار
عَدَاةَ الْحَشْرِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
حشر کے دن سبھوں کو دوں پناہان
نہ کوئی وہاں کر سکے اُسوقت ناہان
اَنَا الْوَهَّابُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
خزانے بے عدد بخشوں زر و سیم
یہ کہتا ہوں حرف از راہ تفہیم
وَلَسْتَ تَرَاهُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
اسی سے پائیگا عزت بڑائی

نہین میرے مثل دونو جہان مین
وَالکَرَمُ مَنْ یَتُوبُ اِلَیَّ خَوفًا
امید ہو خوف میرا رکھ تو دل مان
کرم میرا ہی سارے خلق پر عام
لِیَ الآلاءُ وَالنَّعمَاءُ عِندِی
بخشنا نعمتون کا ہے مرا کام
مری خیرات ہے جاری ہمیشہ
لِیَ الدُّنیَا وَمَا فِیهَا جَمِیعًا
مین ہون اللہ اور سب میرے ہین بندے
مرے دربار بن تم کہین نہ جاؤ
اَنَعرِفُ مَنْ لَہٗ اِسمٌ کَاِسمِی
مرا ہے نام سب نامون سے برتر
مین ہون رحمٰن سب کو بخشتا ہون
اَنَا اللّٰہُ الَّذِی لَا شَیءَ مِثلِی
مین اللہ بیمثل ہون مثل سے پاک
مین ہون حاکم چلاؤن حکم سب پر
اَنَا المَلِکُ المُلُوکُ وَکُلُّ مُلکٍ
یہ سب سلطان میری نائبان ہین
مری درگاہ کی جاروب کش ہین
اَنَا اَغنَی اللّٰہُ هُوَ وَقَبلَ قَبلِی
فنا کی جب خلق اوپر چلے باؤ

تب [illegible] ہون مجھے نا باپ مائی
لِیَ الاِکرَامُ فَاطلُبنِی تَجِدنِی
کرون سب مشکلان تیری ہین آسان
عبث رکھتا ہے کیون خاطر پریشان
لِیَ الخَیرَاتُ فَاطلُبنِی تَجِدنِی
مین ساری خلق کو دیتا ہون انعام
مرے محتاج ہین سب خاص اور عام
لِیَ المَلَکُوتُ فَاطلُبنِی تَجِدنِی
کرے مجھ شاہ کے ہر ملک جھنڈے
نہ ہو تم چار آنکھون ساتھ اندھے
اَنَا الرَّحمٰنُ فَاطلُبنِی تَجِدنِی
مجھے لائق ہین سب اوصاف بہتر
گدا کو نان اور شاہون کو افسر
اَنَا اللّٰہُ یَا بَنِی فَاطلُبنِی تَجِدنِی
ملا دون مدعی کو خاک در خاک
مرے محکوم ہین یہ ارض و افلاک
لِیَ المِیرَاثُ فَاطلُبنِی تَجِدنِی
اگر ہین حاضران یا غائبان ہین
اگرچہ اپنے گھر کے صاحبان ہین
وَبَعدَ البَعدِ فَاطلُبنِی تَجِدنِی
تب ہی اڑ جائین سب جنگل ندی ناؤ

رہے باقی ہماری بادشاہی
اَنَا الوَھَّابُ یَا عَبدِی سَرِیعًا
شتابی طالبون کو دون مین مطلوب
مرے اوصاف جو تمکو سناوے
اَنَا الفَرْدُ الْمُدَبِّرُ فَوقَ عَرْشِی
کیا ہون خلق کی مین آپ تقدیر
عرش سے فرش لگ میرا حکم ہے
اَنَا الرَّبُّ الَّذِی لَا ظُلمَ عِندِی
مین رب العالمین ہون ظلم سے دور
سدا مظلوم کی سنتا ہون فریاد
خَلَقتُ مُحَمَّدًا نُورًا قَدِیمًا
محمد مصطفےٰ ہین ذات کے نور
کیا انکے سبب یہ سب ظہورا
وَیَشفَعُ فِی الخَلَائِقِ یَومَ حَشرٍ
محمد مصطفےٰ روز قیامت
وہی محبوب میرا بے شبہہ و شک

ارے ان غافلون کو کوئی سمجھاؤ
وَلِیُّ العَھدِ فَاطْلُبنِی تَجِدنِی
وفاے عہد میرا فعل ہے خوب
یہی لوح و قلم مین سب ہین مکتوب
بِلَا التَّکلِیفُ فَاطْلُبنِی تَجِدنِی
ہے میرے حکم سے تقدیم و تاخیر
کرون اک آن مین ایجاد و تغییر
وَلَستُ اَجُورُ فَاطْلُبنِی تَجِدنِی
کرون مین ظالمون کو خوار و رنجور
غریبی عاجزی ہے مجکو منظور
لَہُ البُشرٰی فَاطْلُبنِی تَجِدنِی
نہین اک آن وہ مجھ قرب سے دور
مین ہون ناظر وہی میرے ہین منظور
اُشَفِّعُ فِیہِ فَاطْلُبنِی تَجِدنِی
کرینگے جملہ عالم کی شفاعت
کرونگا اسکو راضی بے نہایت

یہ اسناد اسی دعاے سریانی کی ہی

ہمیشہ جو کوئی اسکو پڑھے گا
ورد کوئی چہل دن اسکو کریگا
ہمیشہ مقبل و مقبول ہووے
دعا اسکی کبھی روکی نہ جاوے

امن مین وہ سدا حق کی رہیگا
نصیبہ بخت و دولت پر رہیگا
بلا سے چھوٹ کر وہ پاک ہووے
نہ کسکا وہ کبھی محتاج ہووے

قصیدۂ غوثیہ شروع ہوا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کہون مولا کی اول حمد بے حد — دوم کہون درود ان بر محمدؐ
سوم بر آل اور اصحاب اوپر — چہارم غوث کل اقطاب اوپر
سُناؤن باشرح تمکو قصیدہ — مریدان سُنکے ہووین آبدیدہ
کلام غوث صمدانی یہی ہے — بجوشِ عشق یہ بتیان کہی ہے
بیان یہ جو پڑھے باشوق و لذت — خلائق مین وہ پاوے عز و رفعت
گیارہ بار کی رکھے جو راتب — اُسے حاصل ہووین اعلیٰ مراتب
وہ دیکھے پیر کی در خواب صورت — اسی کے دل سے اُڑجاوے کدورت
وصل کا شربت شیرین پیا جب — یہ سرّ باطنی ظاہر کیا تب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سَقَانِی الْحُبُّ کَاسَاتِ الْوِصَالِ — فَقُلْتُ لِخَمْرَتِیْ نَحْوِیْ تَعَالِ
قدح مجھ وصل کا حق نے پلایا — مین تب شوقِ الٰہی کو بلایا
سَعَتْ وَمَشَتْ لِنَحْوِیْ فِیْ کُؤُسٍ — فَهِمْتُ بِسُکْرَتِیْ بَیْنَ الْمَوَالِیْ
اسی مستی نے مجھ مین جوش کیتا — تبھی یاران منے بازی کو جیتا
فَقُلْتُ لِسَائِرِ الْاَقْطَابِ لُمُّوْا — بِحَالِیْ وَادْخُلُوْا اَنْتُمْ رِجَالِیْ
کہا تب مین نے غوث و قطب آؤ — تم ہی مجھ وقت کی لذت کو پاؤ
وَهُمُّوْا وَاشْرَبُوْا اَنْتُمْ جُنُوْدِیْ — فَسَاقِی الْقَوْمِ بِالْوَافِیْ مَلَا لِیْ
رکھو تم ہمت عالی اے مردان — شراب شوق کے اُبلے ہین حوضان
شَرِبْتُمْ فُضْلَتِیْ مِنْ بَعْدِ سُکْرِیْ — وَلَا نِلْتُمْ عُلُوِّیْ وَاتِّصَالِیْ
حضوری میں مجھے حق نے رکھا ہے — فنا فی اللہ کا مین شربت چکھا ہے

مَقَامُکُمُ الْعُلٰی جَمْعًا وَلٰکِنْ
مَقَامِیْ فَوْقَکُمْ مَا زَالَ عَالِیْ

بڑا رتبہ ہے تم سب کا و لیکن
بڑا رتبہ مرا تم سب سے اعلیٰ

اَنَا الْبَازِیُّ اَشْهَبُ کُلِّ شَیْخٍ
وَمَنْ ذَا فِی الرِّجَالِ اُعْطِیْ مِثَالِیْ

دیا حق نے مجھے ہے باز کا زور
نہیں مردوں میں مجھسا ہے کوئی اور

کَسَانِیْ خِلْعَةً بِطِرَازِ عَزْمٍ
وَتَوَّجَنِیْ بِتِیْجَانِ الْکَمَالِ

لباس خوش مرے کارن بنایا
شرف کا تاج مجھ سر میں پنھایا

وَاَطْلَعَنِیْ عَلٰی سِرٍّ قَدِیْمٍ
وَقَلَّدَنِیْ وَاَعْطَانِیْ سُؤَالِیْ

چھپا تھا بھید سو مجکو بتایا
فضل سے حق نے مجھ بخشے عطایا

وَوَلَّانِیْ عَلَی الْاَقْطَابِ جَمْعًا
فَحُکْمِیْ نَافِذٌ فِیْ کُلِّ حَالِ

حکم غوث و قطب ابدال اوپر
مرا جاری ہی ہر اک حال اوپر

وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فِیْ بِحَارٍ
لَصَارَ الْکُلُّ غَوْرًا فِی الزَّوَالِ

مرے اسرار کو دریا جو پاوے
تو پانی در زمین اُس کا سما وے

وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فَوْقَ مَیْتٍ
لَقَامَ بِقُدْرَةِ الْمَوْلٰی تَعَالٰی

مرا اسرار میت پر جو آوے
تو حکم حق سے وہ زندہ دکھاوے

وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فَوْقَ نَارٍ
لَخَمِدَتْ وَانْطَفَتْ مِنْ سِرِّ حَالِیْ

مرا اسرار گر یہ آگ بوجھے
تو ٹھنڈی ہو کی مجھ حالت ہی دھوجے

وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فِیْ جِبَالٍ
لَدُکَّتْ وَاخْتَفَتْ بَیْنَ الرِّمَالِ

مرا اسرار گر پاویں پہاڑان
تو ذرہ ہو کے اڑ جائیں ہزاران

وَمَا مِنْهَا شُهُوْرٌ اَوْ دُهُوْرٌ
تَمُرُّ وَتَنْقَضِیْ اِلَّا اَتَالِیْ

مہینا یا زمانہ جب لہ آوے
مجھے احوال سب اپنا سناوے

وَتُخْبِرُنِیْ بِمَا یَاْتِیْ وَیَجْرِیْ
وَتُعْلِمُنِیْ فَاَقْصِرْ عَنْ جِدَالِیْ

کہے وہ نیک و بد اسیر جو گذری | کہ یاران ناکرو مجھ ساتھ جھگڑی

مُرِیْدِیْ ہِمْ وَطِبْ وَاشْطَحْ وَغَنِّ | وَافْعَلْ مَا تَشَاءُ فَالْاِسْمُ عَالِ

مریدان شوق سے تم راگ گاؤ | مرے اس دور میں کرلو جو چاہو

مُرِیْدِیْ لَا تَخَفْ اَللّٰہُ رَبِّیْ | اَفَانِیْ رِفْعَۃً نِلْتُ الْمَنَالِ

مریدان نا ڈرو اللہ رب ہے | کرم اسکا مرے پر روز و شب ہے

طُبُوْلِیْ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ دُقَّتْ | وَشَاءُوْسُ السَّعَادَۃِ قَدْ بَدَالِیْ

مری نوبت وہ جگ میں باجتی ہے | یہی شاہی مجھے سب ساجتی ہے

بِلَادُ اللّٰہِ مُلْکِیْ تَحْتَ حُکْمِیْ | وَوَقْتِیْ قَبْلَ قَلْبِیْ قَدْ صَفَالِیْ

سبھی ملکون میں ہے فرمان میرا | صفا حق نے کیا دل جان میرا

نَظَرْتُ اِلٰی بِلَادِ اللّٰہِ جَمْعًا | کَخَرْدَلَۃٍ عَلٰی حُکْمِ اتِّصَالِ

دو عالم مجھ نظر ایسا دکھانا | جیسا جنگل میں اک رائی کا دانا

وَکُلُّ وَلِیٍّ لَّہٗ قَدَمٌ وَّاِنِّیْ | عَلٰی قَدَمِ النَّبِیِّ بَدْرِ الْکَمَالِ

نبیوں کے قدم پر اولیا ہیں | قدم مجھ پاس ختم الانبیا ہیں

مُرِیْدِیْ لَا تَخَفْ وَاشٍ فَاِنِّیْ | عَزُوْمٌ قَاتِلٌ عِنْدَ الْقِتَالِ

مریدان نا ڈرو بدخواہ سیتین | نہیں شیرون کو ڈر روباہ سیتین

اَنَا الْجِیْلِیْ مُحْیُ الدِّیْنِ اِسْمِیْ | وَاَعْلَامِیْ عَلٰی رَأْسِ الْجِبَالِ

لقب میرا محی الدین جیلی | یہ سارے ہیں سو سب میرے طفیلی

اَنَا الْحَسَنِیُّ وَالْمَخْدَعُ مَقَامِیْ | فَاَعْلَامِیْ عَلٰی رَأْسِ الرِّجَالِ

میں حسنی ہوں بڑا ہی درجہ میرا | حکم میرا ہے سب مردوں پہ بالا

وَعَبْدُ الْقَادِرِ الْمَشْہُوْرُ اِسْمِیْ | وَجَدِّیْ سَیِّدِیْ بَدْرُ الْکَمَالِ

اسم ہے عبدقادر میرا مشہور | میرا سید ہے جد جون ماہ پر نور

قصیدہ غوثیہ پہونچا تمامی
مریدان تم کرو اُنکی غلامی

بیان ہے رحمت اللہ بے نہایت
کرو تم سامعون کی اب رعایت

مریدون سے جو کوئی اسکو پڑھیگا
خدا دیدار اُسکو اپنا دیگا

یہ کتاب کلمات کفر کی شروع ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خداوندا بحق احمدؐ پاک
عطا کر ہمکو تو ایمان و ادراک

عمل اور علم تو کامل عطا کر
ہمیشہ کفر سے رکھنا بچا کر

بنا اعمال کی اسلام پر ہے
کہ وہ اقرار تصدیق بشر ہے

زبان سے ہو مقر تصدیق دل سے
کہ ہے سچ حکم پیغمبر کا حق سے

فصل اول در صفت ایمان

صفت ایمان کی جسنے نہ جانی
عبث اپنی گنوائی زندگانی

نہ جانے وصف ایمان کے جو عورت
جدا خاوند سے ہووے بہ فرقت

جو بالغ ہو اُسے لازم سکھانی
سبھی آمنت باللہ با معانی

فصل دوم

گواہی شاہدون نے دی برویت
ہوا منکر ہو یہ تو اُس سے ذُرمت

نکاح اپنا نیا پھر وہ پڑھیگا
بدل تجدید ایمان کی کریگا

فصل سوم

جو دانستہ کلام کفر بولے
یہ ظاہر ہے وہ کافر صاف ہوئے

اگر نادان کہے جو کفر کی بات تو
بقصد اپنے کہے یہ کفر آفات

نہین ہے جہل کو کچھ عذر منظور
مگر بے قصد سہو آہے وہ مغفور

اکلت کی جگہ گر نکلا کفر تو
دیانت نین کہین خطرہ سمجھ تو

جو ہے گا اتفاقی کفر اُس سے — عمل ہون حبط اور حج پھر کے کر لے

وطی اسکا حرام اور ہو جو اولاد — زنا زادے کہا وین کر لے تو یاد

کرے توبہ نکاح از سر پڑھاوے — خلاصی اس بلا سے تا کہ پاوے

شہادت اور وکالت ہو بدستور — شریعت مین پڑھے تو عقد منظور

مگر تحقیق سے اتنی کہ زن کا — اجازت سے وکیل آپ ہی بن جا

وکالت مین اگرچہ ہووین شاہد — یہ مردان شاہدون مین ہووین قاعد

جو ہین سگے کلمۂ کفر اختلافاً — نکاح اور توبہ اس مین احتیاطاً

و لیکن ایسی صورت مین وہ شاہد — نکاح اوپر نہون تو بھی ہے قاعد

روایت بعض مین ایسا ہی آیا — کہ شاہد کا نہونا کس کو بھایا

فصل چہارم

اگر مرتد ہووے خاوند یا زن — زبان سے بولے یا کفر اختیاراً

جدائی ہو نکاح اسوقت جاوے — لگاوے حکم قاضی یا نہ لاوے

یہ ہے ظاہر روایت بیچ لکھا — مگر علماے بلخی نے یہ بولا

کہ ردت زن کی سے فرقت نہ آوے — ولے یہ قول اورون کو نہ بھاوے

محمدؒ بولے ہین در کفر شوہر — ہوئی فرقت طلاق آئی ہے زن پر

وطی خلوت ہوئی کو مہر سب دے — کوئی مرتد جو اُن دونون سے ہووے

وگر ہے پہلے خلوت سے یہ ردت — جو ہو عورت سے ردت کچھ تو دے مت

وگر ردت ہو جانب مرد کی سے — تو آدھا مہر اُس عورت کو بھر دے

مسمے گر نہو متعہ ہی دیجیے — طریقہ ہے جو عدت کا سو کیجیے

جو فرقت مرد سے ہو تو نہین جبر — اگر ردت ہی عورت سے کرین جبر

کہ تا پہلا ہی شوہر اُسکو کر لے — اگر یہ چھوڑ دے کوئی اور کر لے

فصل پنجم

کہے کوئی کفر اور ایمان ہے ایک — تو کافر ہووے نہین ہے بات یہ نیک

کہے کفر اگر کلام اور دل مین اسلام — یقین رکھتا ہو کچھ آتا نہین کام

قضا مین اور دیانت مین ہے کافر — محیط اندر یہ مسئلہ دیکھ ظاہر

کہے کوئی کہ کل کافر ہوں گا — ابو القاسم کہے اب کفر ہوجا

کہے کوئی کفر کی بات اور ہنسے تو — رضا یا کفر اپنے پر رکھے تو

تو ہے وہ شخص کافر اتفاقی — نہین اسلام کی بو اُسمین باقی

تو کفر غیر سے راضی ہوا ٹھیک — تو کافر ہوگا وہ بعضوں کے نزدیک

رضا ہو کفر سے یا معصیت سے — حسن جانے گنہ یا کفر کو ہے

جو یکسان سمجھے طاعت اور گنہ کو — برابر حرمت اور حلت جسے ہو

کہے کافر کہ ہوتا ہون مسلمان — کہے اسکو کہ تھم جا یہ ہے طغیان

کہا تمہید مین ان سب کو کافر — عقیدے مین خلل آتا ہے ظاہر

فصل ششم

عداوت سے جو کافر کو وہ چاہے — مرے یا کافر اور تعذیب پاوے

تو کفر اس سے نہین کچھ لازم آتا — یہ خواہرزادہ سے منقول ہیگا

کہے جو لا الٰہ پڑھ کر کے اِلّا — کسی تقریب منہ سے نین نکالا

جو نیت مین تھا الا اللہ اُسکی — اسے کافر نہین کہنے کا مفتی

صفت جو حق کی نا لائق کریگا — کسی یا نام پر اُسکے ہنسے گا

اگر امر و نواہی سے وہ منکر — تو ہو لاریب پھر وہ شخص کافر

اگر سمجھے خدا کو آسمان مین — سکونت سمجھے اُسکی یا مکانین

خدا میر اسما مین اور تلے ہم — توان باتون سے ہوا ایمان ترا گم

آسمان ۱۲

خدا کے ہاتھ لنبے ہین کہے جو
ستم جس طور تو مجھ پر کرے گا
اسے بھی کفر اکثر نے کہا ہے
اگر کوئی موا اور بولے جاہل
یہ کلمہ کفر کا ہے یا د رکھیے
مخالف کو کہے جو مدعی چل
کہا اس نے نہین کچھ حکم مانون
کہان کا حکم یان ہے روز کا کام
فساد اہل دنیا سے ہو دل تنگ
کسی کو جو کہے ہے کفر سارا
بجز حق کے جو کچھ شئ ہے سو فانی
ولیکن ہے خطا کچھ کفر سے کم
یہ مطلب کُلُّ شَیءٍ ہالِکٌ کا
کیا تونے کسی کو گر بھلائی
کہا اسنے تو جا کر لڑ خدا سے
یہ کفر اختلافی بچ تو اس سے
اگر ہو تو خدا دونون جہان کا
خدا حق مین مرے سب کچھ کیا نیک
کہا ظالم کو جو ڈر تو خدا سے
کہے زن بے نمازی کو اگر مرد
وہ بولی مین نہین ڈرتی کفر ہے

کہے ہین بعضے کافر اس سے بھی ہو
خدا تجھ پر ستم ویسا کرے گا
مجاز اسمین جزا کا پر روا ہے
خدا چاہے تھا سو یہ بھی ہے باطل
سخن سے ایسے ہر دم بچتے رہیے
خدا کے حکم پر کرلے توفیصل
کہان چلتا ہے حکم اب کس کو مانون
یہ تینون بات کا ہے کفر انجام
کہے تینون تو اسپر کچھ نہین ننگ
خدا سے بھی مجھے ہے تو پیارا
کہا بعضون نے ہے کفر نہانی
فنا مین روح کو اور عرش اعظم
خطا اور کفر اسمین کہان سے آیا
کَمَا اَحسَنَ اللہُ اِلَیکَ بھائی
بخیلون کو دیا ہے کیون عطا سے
غنیمت ہے یہ تقویٰ ہو وے جس سے
مین لونگا تجھسے حق اپنا یہان کا
بدی مجھسے کیا اسنے ولے ایک
کہا اسنے نہ مین ڈرتا خدا سے
نہین ڈرتی خدا سے کیا تو دل سے
مگر راہ ہدایت سے خطر ہے

قسم تیری ہے اک گوز شتر ہے
کسی کو جو کہے خطر اور کفر ہے

کہے جو من خدا یم مشتری سے
بوہم دوم وہ کافر ہوا اُس سے

خدا جانے غم اور شادی تمہارا
ہمین مانند اپنے ہے گا سارا

جو بیماری مین فرضا مت قضا کر
خدا پکڑے گا تجکو روز محشر

کہا اُسنے مرض شدت نے پکڑا
خدا بھی مجکو ظالم ہو کے گھیرا

اگر ضیق مرض مین یون کہا تھا
خدا نے مجکو پیدا کیون کیا تھا

معذب ہوگا تو اپنے گنہ پر
جواب اسکا دیا سامع نے سنکر

خدا کو مین نبھایا ہون مگر کیا
جو مین کہتا ہون سو بھی وہ کریگا

خدا تیری زبان سے بر نہ آوے
خلاصی تجسے بندہ کیونکہ نہ پاوے

ملک اور نا خدا تجھ سے بر آیا
بر آون تجھ سے مین کیونکر خدایا

جو اس سے عجز رعق جاتا ہے تجھا
تو یہ بھی کفر کا کلمہ ہے ٹھہرا

خدا رحمت کرے اس دل پہ تیرے
کہا اُسنے ترے دل پہ میرے

جو استغنا رحمت سے کہا ہے
تو اس سے کفر پھر ثابت ہوا ہے

فصل ہفتم

بُری ہم ہون تو حق ہم سے بُرا ہو
بھلے ہم ہون تو حق ہمسے بھلا ہو

اسے بھی کفر کا کلمہ کہا ہے
مگر تاویل کی ہو تو بجا ہے

کہے عورت اگر موت پسر پر
لیا تو نے دیا تھا مین ہی کچھ ڈر

جو عبد اللہ کا آخر کاف تصغیر
لگاوے کفر ہے پر بوجہ تقریر

کہے جو سر حق مین جانتا ہون
مین علم غیب سے واقف ہوا ہون

یہ دونون کفر کے کلمے لکھے ہین
کہ علم غیب حق پر ہے کہے ہین

نکاح اپنے مین لے شاہد نبی کو
کرے شاہد نبی کو کفر نت ہو

کہ علم غیب اُنکو بھی نہین ہے | مگر شاہد کراماً کاتبین سے ہے
جو سُن آواز طائر پھر کے آیا | سفر مین یا توقف کچھ کرایا
کہے یہ شدنی ہے مین جانتا ہون | مرے گا یہ مریض یہ جانتا ہون
کرے کاہن نجومی کا یقین جو | تو اسمین بھی یقین کافر ہے دین کھو
کہا سارق کو نہین معلوم کیا تون | تو یہ بھی کفر ہے مت بن تو مجنون
نکالے جو نبی کو اور کرے عیب | اہانت سنتون کی کفر لاریب
نبیؐ کا بغض ہر اک کو ہوا کفر | فرشتونکا ہے ایسا ہی بلا نکر
فلانا گر نبیؐ ہو یا پیمبرؐ | نہ لاؤن مین کبھی ایمان اُسپر
خدا بھی گر کہے تو مین نہ مانون | سخن ہے کفر کا مت بن تو مجنون
پیمبرؐ کا اگر سچا ہے کہنا | تو جنت سے ہمین ہو جاے لنا
یہان طالب ہو کافر معجزے کا | مگر ذلت کا ہو اُسکے ارادا
کہے موے نبیؐ کو گر تو مویک | اہانت سے کہے تو کفر بے شک
پیمبرؐ کا ہے شاتم بلکہ مقتول | قضا مین توبہ اُسکی غیر مقبول
جو آدمؑ دانۂ گندم نہ کھاتا | ہمین بدبختی مین کاہے کو لاتا
کہے کوئی اور تو ہو وہ منکر | تو اس سے بھی مقرر ہو وہی کافر
کہے یا ہین بہت ایسا سُنا ہے | اہانت کے سبب کافر ہوا ہے
کدو کی قوت سے ہو وہی جو منکر | ابو یوسفؒ لکھا ہے اُسکو اکفر
سُنا جسنے کہ منبر خلد پر ہے | کہا منبر تو ہے جنت کدھر ہے
کہا بعضون نے یہ بھی کفر ہو گا | مگر تاویل کچھ اسکی کرے گا
پیمبرؐ اور خدا گر دین گواہی | نمانون ہے یہی دین کی تباہی
جو بنتے سُنکے آدمؑ کو یہ بولا | جولاہے زادہین ہم کفر ہو گا

پیمبرؐ انگلیون کو چاٹتے تھے
کسی کو گر کہا ناخن تو کترا
اگرچہ ہے گی سنت مین نماؤن
سنن متواترہ کا بھی یہی حال
کہے جو پستی موچھون کی ہی کس کام
نماز اودھر پڑھون نین گر ہو قبلا
جو تجھ بن حق تعالی دیوے جنت
فلانے کام یا تیرے سبب سے
نہین خواہش مجھے جنت کی یارو
تو عزرائیل سا دشمن ہے میرا
کرے دعوی کہ مین ہونگا فرشتا
کرے انکار استہزا بآیات
ولیکن ہے نزول البتہ حادث
ہے منکر ایک کلمے کا بھی کافر
پڑھے یا دف اوپر آیات کو جا
اگر کچھ دیگ مین باقی رہا تھا
جمعاً جمعاً اندر صدف کثرت
ابی اور انا اعطینا سے چھوٹے
نمازین فرض مین سجدہ رکوع سے
کہے قرآن سے مین ہو گیا سیر
کوئی ماندہ ہو قرآن پڑھ کے آخر

جو سنکر عیب جانے کفر ہووے
یہ سنت ہے پیمبرؐ کی وہ بولا
وہ کافر ہو گا انکار جلی سون
جیسے مسواک و ختنہ موچھ کی بال
اہانت سی تو ہووے دور اسلام
لکھا ہے اس سخن کو کفر ہو جا
تو مین ہرگز نہ جاؤن جاوی ملت
نہین خواہش مجھے جنت کی رب سے
ارادہ ہے کہ رؤیت حق کی ہی ہو
سب ان باتون سی لازم کفر ہو جا
قیاس اجماع کا منکر ہے ایسا
کہے قرآن کو مخلوق ہیہات
کلام اللہ نفسی بے حوادث
لکھی تمہید مین یہ بات ظاہر
کہے یا غمر پر کا سگ دہا قا
وہ باقی صالحات اسکو کہا تھا
کہے قرآن کو ہے عجمی شقاوت
اذا کالو پڑھے جب کوئی لوٹے
جو منکر ہو تو آوے کفر اس سے
موافق نین نماز اپنی کی تئین پھیر
کہے التفت الساق اب ہو کافر

کہا بیمار کو پڑھ لے نماز آہ ۔ وہ بولا مین نہین واللہ پڑھونگا
نماز اُسنے نہ کی آخر عمر تک ۔ نماز اُسپر پڑھو مت کفر بیشک
ولے جاری ہو یان تاویل و تدقیق ۔ کرین نیت کو اُس بندہ کی تحقیق
نہ کرنا اور کرنا ہے گا یکسان ۔ نمازین کین بہت اب جی ہی حیران
بہت خوش کام ہی گا بے نمازی ۔ حلاوت بد ہے یا بے نمازی
یہ پانچون لفظ ہر اک کفر کے جان ۔ بچ اس سے تا رہی تیرا یہ ایمان
کہا اک شخص کو پڑھ لے نماز آ ۔ وہ بولا حق نے میرا مال کھویا
مین اُسکے حق کو بھی ناقص کرونگا ۔ و یا رمضان ہے کافی پڑھونگا
کہ اک کے بدلے مین ہوتی ہین ستر ۔ پڑھین گے زیادہ یہ ہے کفر اظہر
پڑھے قصداً نہ ہو کعبے کی جانب ۔ اگرچہ قبلہ ہووے کفر واجب
اگر مجبور ہو نیت کو دے چھوڑ ۔ کرے حرکات اور طاعت کو دے چھوڑ
کہے یہ ہم پہ طاعت رنج ہے گا ۔ نہ ہوتی فرض تو کیا خوب ہوتا
کہے تاویل سے تو کفر کب ہے ۔ جو منکر ہے فرائض کا غضب ہے
کہا جس نے خصومت مین کہ لاحول ۔ وہ بولے کام نین آتا ہے یہ قول
کہا یا اسکو لے کیا مین کرون گا ۔ ادا کر حق مرا حق مین سو لون گا
کہا نین بھوک کو لاحول مانع ۔ سب ان الفاظ سے ہو کفر واقع
کہے تسبیح یا تہلیل کو یون ۔ حرام اوپر کہے تسمیہ کو تون
شرابی قدح پر تسمیہ پڑھ لے ۔ زنا پر یا قمار اوپر وہ کہدے
اذان سنکر کہے بجتا ہے گھنٹا ۔ یہ صورت پاسبان با ہے گا جھوٹا
کرے نقل اذان گر مسخری سے ۔ پڑھے داغ اُسکے دل پر کافری سے
کہا اک شخص کو کلمہ پڑھے جا ۔ کہا اُسنے کہ مین کیا پڑھ کے پایا

یہان حق دی نہ تو محشر مین لون گا — کہا کچھ اور دے مین وان ہی دونگا

سبک جانے قیامت ہووی کافر — اگر ثابت نہ ہوا سیر وہ اکفر

بہشت اور دوزخ اور میزان قیامہ — حساب اور پل صراط اعمال نامہ

کہا ظالم تو رہ محشر بھی ہو گا — کہا اُس نے مرے کس کام ہا ہو گا

مجھے یان چاہیے وان ہو جو کچھ ہو — سخن یہ کفر کا ہوتا ہے یارو

برای دین مین دنیا سی نہ توڑون — کہے جو نقد نسیہ پر نہ چھوڑون

کہے یا امر بالمعروف کو شور — یہ انکار فریضہ ہے کافی الفور

کرے خیرات تو مال حرام اور — ثواب اس سے رکھے امید ماجور

کہا گو زید کو مت کھا حرام اب — وہ بولے ہی حلال اس سے بھلا کب

کہے تو امر بالمعروف کرنے — وہ بولا مجکو کیا ایذا کسی سے

کہا ایسی فضولی سی ہی کیا کام — مین کنجِ عافیت مین ہون بآرام

کہا کھا تو حلال اُسنے کہا یون — حرام اب چاہیے مجکو جو کھاؤن

کرے یا خمر کی حرمت کا انکار — وطی حائض روا جانے جو بدکار

حلال ہو اک درم اور دو حرامی — تجھے خوش کونسلہ ہے مرزا می

وہ بولا جون سا جلدی سی ملجا — سخن یہ کفر کا ہے جس سے نکلا

کہا یا چاہیے مجکو تو یان مال — حلال ہو یا حرام آوے بہرحال

حرامی مال مین جب لگ کہ پاؤن — حلال اوپر کبھی ٹھیکو نہ جاؤن

اگرچہ کفر نین یہ ہے خطرناک — تو ان لفظون سو کہا اپنی زبان پاک

کہے جو علم کو ہے یہ کہانی — کہا یا یا دہین باتین بنانی

مگر یہ مکر اور حیلہ ہے سارا — یہ تینون بات ہین کفر آشکارا

کہا اک شخص کو تو درس مین جا — وہ بولا اس سے حاصل کام ہی کیا

کہے کون انکا کہنا کر سکے ہے — سخن یہ کفر کا مفتی لکھے ہے
درم یا ن چاہیے کس کام ہی علم — کہے یا مکر کا اک دام ہے علم
اہانت بر سبب عالم کی مت کر — کہ خوف کفر ہے بچ اس سے اکثر
کرے جو نقل کوئی واعظون کی — بنے ٹھٹھے سے صورت عالمونکی
کرے جو اور ہنسی سے کفر آوے — خدا اس کام سے سب کو بچاوے
طبق کھانے کا بہتر علم سے ہے — نہ کہہ تو یہ سخن بے دین کرے ہے
کہا داعی نے جب تو نے کہا تھا — قضا اور شرع کا قصہ کہان تھا
مخالف کو کہا چل تو شرع کو — وہ بولا خوش نہین یہ حیلہ بدخو
مرض مین تنگ ہو بولے جو آخر — الٰہی مار مسلم یا کرکے کافر
خدا سے ہووے ناراضی جو سادہ — کہے حق کیا کریگا اس سے زیادہ
یہ سب الفاظ موجب کفر کی ہین — تری فہمید کو جھٹ کہدیا مین
کہے کوئی نہین ہی تجھ مین اسلام — وہ بولے آری ہووے کفر کا کام
کہا جو رو کو اے کافر مجوسی — وہ بولی ایسی ہون کافر بنے گی
اگر دشنام کا جو قصد ہووے — برہنہ مین لکھا کافر نہ ہووے
کرے یہ کام جو تو ہووے کافر — کرے سامع نہین کچھ کفر ظاہر
کہا کافر بچہ اپنے پسر کو — کہا بعضون نے وہ کافر نہین ہو
پکارا اگر کسی نے اسے یہودی — کہا لبیک اسنے کفر ہو جی
قبول اسلام کا اب نین زمانا — رہا ہے کفر کا اب تو ٹھکانا
کہے گر زید ملحد ہون مین مرد ک — وہ کافر ہو چکا بے شبہہ و بی شک
جہالت شرع زا اسکی نہ مانی — کہے گر مین نہ جانون تھا معانی
جو بولا ہر گھڑی ہوتا ہون کافر — تو اسپر کفر لازم ہے بظاہر

کہا جو کفر کا کلمہ کسی نے
کہے جور و ستم مجھ پر کرے گا
تو کافر ہو گئی گر تو میں بھی ہوں گا
اگر اسلام لایا ایک کافر
تمنا حالت انکی کفر مطلق
[illegible] سے تو نہ اپنے سمجھے
کہ اسکے تئین نکاح میں اپنے لاتا
لباس خاص کافر کا جو پہرے
جو کافر اک نیا اسلام لایا
کہ تو نے چھوڑا اپنا مذہب اور طور
اگر نوروز یا ہولی دیوالی
جو کچھ تعظیم دل سے مول لیوے
کسی مسلم نے کچھ مسلم کو بھیجا
نہیں ہے کفر پر تقدیم و تاخیر
جو مسلم ایسے دن کافر کو دیوے
عمل سب حبط ہوں ہووے وہ کافر
و لے شادی ہو یا مونڈن ہو یا اور
کہے سلطان ظالم کو جو عادل
کہے سلطان کو یا جبار کوئی اور
ہوا ہے کفر سجدہ بغیر حق کا
بلا نیت کرے سجدہ جو شہ کو

کہا اوروں نے گئی جورو سمجھے
تو کہنا نامری خاطر ملے گا
ارادہ کفر کا اب کفر ہو جا
مسلمانوں نے مال اسکو دیا پھر
زنا ظلم و ربا اور قتل ناحق
تھا دل میں ترسائی کی کرلے
تقرر سے ہی اسکو کفر آتا
بدون عذر پھر کافر وہ ٹھہرے
کہا مسلم نے تجکو کیا بڑا پایا
تو کافر ہووے یہ مسلم بھی فی الفور
کرے جا نمیں ہووے کفر حالی
تو کافر ہو تنعم گر نہووے
جو تعظیماً نہو عادت سے ذبیحا
دیوالی ہولی سے کیجے یہ تدبیر
ابو حفص کبیر اب یوں کہے ہے
کہ اسدن کی ہے تعظیم اسمیں ظاہر
مٹھائی جائز ہے ہندو سے ہر طور
اسے بھی کفر سمجھیں بعضے فاضل
خدا کا لفظ کافر ہووے گی الشور
تحیر کا ہے سلطان کو کبیرہ
تو عمدہ بھی داخل کفر جلی ہو

پیے تھا خمر لیکر ہاتھ مین جام
کہا ہے یہ وہ شے گر تو گراوے
جدا ہونے کو شوہر سے اگر کفر
وہ زن مرتد ہووی یا نہووے
کہے جب تک تجھے ہی زور بازو
کہے تھا اپنی جورو کو نصیحت
کہا حکم خدا کو مین نہ مانون
کہا کر مجھکو سجدہ اور خدا کو
سخن بد سنکے عاقل نے بتایا
وہ بولے کیا کرون لازم ہوا ہے
جگہ پر غاز کے جب ظار بولے
اگر قصداً کہا کافر ہوا ہے
مسلمانون کو کوئی مارہے ظالم
کہا خدا رب نے اسکو بار عونت
کہا بت کو کرون سجدہ پر اس سے
فلانا مجھسے کافر تر ہے یہ بات
فلانا جو کہے مجھکو سو کرنا
کہے مین ہون مسلمانی سے بیزار
مسائل یہ عمادی مین ہین ظاہر
لواطت کو کوئی سمجھے روا جو
کہے رمضان کو یہ رنج ہے اب

کہا ظاہر ہوا ہے آج اسلام
اُسے جبریلؑ بھی پر پر اٹھاوے
سکھاوے زن کو ہے مفتی او پر کفر
معلم تو اُسی دم دین کھووے
کمی کیا رزق کی ہے وہ جفا جو
کہ باز آ کار بد سے کر تو طاعت
مین رہنا اپنا دوزخ بیچ ٹھانون
سبب تاویل کے کافر بھی کب ہو
کہ اس سے تجھ پہ لازم کفر آیا
کہا فضلیؒ نے وہ کافر ہوا ہے
مکان اصحاب جنت نار کھولے
امامت اُسکی ورنہ نا روا ہے
وہ بولے مار مت مین ہونگا مسلم
مسلمانی یہ تیری تجھپہ لعنت
کرون مین آشتی کافر نہووے
صریح اقرار ہے یہ کفر کے سات
اگرچہ کفر ہووے نین گذرنا
یہ کافر ہو چکا مت کر تو تکرار
اب آگے ہین برہنہ سے یہ باہر
مقرر کفر لازم بھی ہوا اسکو
کہے برکت نہوگی اس سے اغلب

ذبیحہ گر کرے جن اور بت پر　اُسے بھی گنیے کافر ہے مقرر
حدوثِ عالم اور حشر اور اجساد　جو منکر ہو وہ دین دیتا ہے برباد
خدا کے علم جزئی کا جو منکر　کہے شارح مقاصد اُسکو کافر
کرے انکار جو ہستی خدا کی　زن و فرزند ثابت اُسکو ماکی
بخلقت یا عبادت جس طرح ہو　شریک اُسکو کیا ثابت کسی کو
جو منکر خلق و قدرت علم کا ہو　مکان اور نقص جمع ثابت کرے جو
وہ کھاتا پیتا سوتا جاگتا ہے　اور آتا جاتا اُٹھتا بیٹھتا ہے
تمسخر گر کرے اسماء کی اُسکے　رکھے خوردہ کسی فرمان پہ اُسکے
کہے خالی ز حکمت فعل فاعل　حدوث اوصاف کا یا ہو وہی قائل
اگر حق منصفی اسدن کرے گا　تو بندہ تجھ سے اپنی داد لیگا
کہے مجکو خدا بھی چاہیے ہے　وہ بولا مجکو دوزخ چاہیے ہے
اگر تو ہے خدا تو کر فلان کام　کہا حق کو تو ہے گا کفر انجام
خدا نے جھوٹ تیرا سچ بنایا　قریب کفر یہ کلمہ ہے آیا
مین کھائے بیر تو کھانسی ہوئی ہے　نہین ہر کفر گو شرک خفی ہے
نکالے فال گر جوری کی مُلاّ　نہین ہے کفر یہ ہے گا یہ بیجا
نبی بھی مجکو گر مردک کہے گا　جواب اُسکو وہی بندہ بھی دیگا
گواہ اُسکا جو ہو جبرئیلؑ و میکالؑ　سنونگا مین نہ اُنکی قیل اور قال
فرشتوں کا کرے جو عیب کافر　و یا دشنام دیوے ہو وہی ابتر
جو دے دشنام حضرت عائشہؓ کو　و یا شیخینؓ کو یا لعن گو ہو
کرے انکار شیخینؓ کی خلافت　خلاصے مین ہے مسلم اُسکو کہہ مت
تواتر کی حدیثون سے جو منکر　کوئی اُسکا ہو بنجاوے وہ کافر

خبر مشہور کا منکر ہے گمراہ
خبر آحاد کا عاصی ہے صد آہ

خلاصے مین ولیکن یہ لکھا ہے
سبک جانے جسے کافر ہوا ہے

خراسان سو گئے جو صدر شہدا
باستقبال نکلے سارے علما

پڑھا قاری ذی برہان جاء من رب
کہا زاہدؒ نے تو کافر ہوا اب

یہ وہ برہان نہین جو حق کہہ ہے
یہ قاری کفر مین ناحق پڑے ہے

جو کوئی مدرسے مسجد سے آجا
کوئی اُسکو کہے دہرے سے آیا

جو کوئی حیلہ شرعی کرے ہے
کہے رخنہ سے دوزخ مین پڑے ہے

رکھے پا زیر قرآن کو جو قصداً
نجاست مین پڑھے یا اُسکو عمداً

فقیرون سیدون کی ہو اہانت
اصح مذہب مین کفر اے بادیانت

شریعت نین مین پوجا بت کرونگا
جہان کی رسم پر مین تو چلون گا

کہا تاجر کو جھوٹا مت ہوا کر
تغافل مین خیانت مت کیا کر

کہا اُسنے خیانت جھوٹ کی بن
بنے سودا نہ گذرین گے مرے دن

سبک جانا محارم کو ہے کافر
لکھا تحفے مین یہ مسئلہ ہے نادر

مین حاجت کریے ہے آزمائی
پڑھی الحمد پہ نافع نہ آئی

شہد مین آزمایا کچھ نہ پایا
سب ان باتون سے اُسکو کفر آیا

مزکی بولا مین تاوان کیون دون
رضا ہے حق کی یا طالب نہین ہون

نمازین حق جو کہتا ایسی اکثر
زکوٰۃ اور ہوتی گر چالیسوین پر

نہ کرتا مین قبول اُسکو توزنہار
تو یہ بھی بات ہے گی کفر اے یار

سکے ہر چند مین طاعت کرون ہون
نہین کچھ زیادتی ہے اور نہ افزون

خدا کا دوست جو زیادہ کہا ہے
کہا وہ یہ جو کچھ شیوہ ہوا ہے

کہا کیا جانے کافر ہوکے کرجا
بہشت اُنکو ملے یا نار ہو جا

کہا یا مین نہین دوزخ سے ڈرتا ۔ تو کفر اسمین بھی قائل پر ٹھہرتا
کہے ملا مسلمانون سے نیکو ۔ یہ کافر ہین کہ حق دیتے نہ ہمکو
کرمو دہرے کی یا بیعہ کی تعظیم ۔ وہان گر تو رہے گی کفر کی بیم
جو کافر کے تیوہارین جا ۔ بعظمت کفر الا فسق آیا
کسی کو تو جھگڑتے یون کہا ہو ۔ مسلمان ایسے سے کافر بھلا ہے
جو رسمین کافرون کی نیک جانے ۔ لگے کچھ حسن گروہ اُنکین جانے
حرام اک شے ہی اُسکو جانی ملت ۔ کہے کوئی تو ہے کفر و ضلالت
حلال اس مرد سے کتی کو جانے ۔ تو ہو کافر نہ جو زندے کو مانے
صغیرہ یا کبیرہ ہون یقینی ۔ حلال اُسکو کہے ہین کفر دینی
کہا مسلم جو وہ مومن نہ ہوتا ۔ تو کافر باپ کا وارث تو ہوتا
جو استخفاف پر سے ایسی بدتر ۔ اگر ناپاک کپڑے اور مکان پر
جو رؤیت کا ہو منکر ہے وہ کافر ۔ شفاعت کو نہ مانے کفر ظاہر
نہ یہ مرتا نہ کوئی اسکو مرض ہے ۔ خدا بھی اسکو بھولا الغرض ہے
کہا انشآء ربی کام کرنا ۔ وہ بولا مین تو بے انشار کرونگا
مسانی تو تلا ستیلا جو پوچھے ۔ شفا جانے اُسے بھی کفر ہووے
سخن پر کفر کے ہنس دی رضا سے ۔ ہنسی کا ہے سخن ہونا بلا سے
خدا کو دوست پایا چشم اور گوش ۔ کرے ثابت سو کافر ہووے بیہوش
اگر آواز طائر بولنے سون ۔ کہ آئی نحس لوگو نکو دیے سون
مرے بیمار یا یہ کام بگڑے ۔ یہ باتین کرکے مت لے جیو کو جھگڑ ہی
کرے فاسق جو صانع کو اشارا ۔ طرف فساق کی مجلس کی دین جا
فراخی دے مجھے حق ظلم مت کر ۔ یہی ہے کفر اختلافی اس سے بھی ڈر

خراجی ملک سمجھے ملک سلطان
تو کافر ہو سراجی مین لکھا جان

برہنہ اور تمہید اور عمادی
یہ تینون سے لیے واللہ ہادی

لکھے ہے در مختار یہ سخن اور
کہ کفران سے بھی آتا ہے بہر طور

رسالت مطلقاً جو جن نمانے
عموماً دعوت احمد نہ جانے

خدا کے سب سے ہو جاوے کافر
ولیکن توبہ ہے مقبول ظاہر

کرے آبا کو سید کے جو لعنت
کبھی خنزیر و سگ زادہ کہو مت

بنی ہاشم کی لعنت کفر ہو جا
عقیدہ سحر کا ہوتا ہے ایسا

اگرچہ زن ہو ساحر قتل کیجیے
نہین مقبول توبہ اُسکی کیجیے

تعلم کو بھی بعضے کفر بولین
اگرچہ معتقد حرمت کے ہووین

روا سمجھے ہے ناچون ساتھ جو رقص
تو کافر ہو وے اس حالت سے وہ شخص

جو سجدہ ذات کعبہ کو کرے تو
نمازین بے وضو سے یا پڑھے تو

اہانت علم کے طالب کی مت کر
کہ ہو کافر طلاق آوے گی زن پر

کہے جو اسکو تو نادان وابلہ
اور ابلہ زاد بھی ہو جاوے گمرہ

تو راگ اور باجو نکی تعریف بیت کر
بچا کر تو لسان اللہ سے ڈر

اسے بھی کفر بعضی جا لکھا ہے
بڑا ہے مرد جو اس سے بچا ہے

کہے ہے تحفہ خانی بعض کلمات
اگر آوے کفر بھی اُسنے تہ بات

ابو حفص کبیری سے یہ پوچھا
کرے ترک نماز اک کسب با جا

کیا تعظیم سے اُسکی جو کوئی ترک
ہوا مرتد قضا نہین آتی کر در رک

جو چھوڑی فسق و سستی سے نہین کفر
قضا کر لے نمازین حق کا کر شکر

نہو تا فرض جو روزہ نمازین
تو ہوتا خوب اسکو کفر جانین

جو سمجھے آپ کو فعلون کا خالق
شفاعت سے جو منکر ہے سو فاسق

تناسخ کہتے ہین اوتار ست کو
عذاب حق سی ایمن ہو سو کافر
خدا انصاف کو بیٹھے گا مت کہہ
خدا مجھ سے نہ رکھے رحمت دریغ اب
پیمبر کی گر انسانی مین شک ہو
جو زاہد کو کہا بس اب کرو تم
خدا کے واسطے یہ کام تو کر
کسی کے کفر پر جلدی نہ کیجے
امام ناصر الدین یون کہے ہے
یقینی کفر ہو تو کہیے کافر
یقین اسلام کا شک ہی نہ جاوے
امام اعظمؒ سے ہی یہ قول ثانی
جو ہووے معتقد تو کفر ہووے
وے لے توبہ کرو تجدید ایمان
کہ ہی گی احتیاط اس کام مین خوب
یہین کی ہے اسلیے تطویل کلمات
وگرنہ گر کوئی منہہ سے نکل جاوے
مسلمانون مین کیجو حشر میرا
الٰہی رکھ مرا ایمان سلامت

عقیدہ اسکا اگر دین مت کہو
نہو رحمت سے تو نومید ظاہر
یہ کلمہ کفر کا ہے اس سے بچ رہ
مین وقت موت ناچار ہون اب
وہ کافر ہے جو جن جانے نبی کو
بہشتون سے مباد آگے جاؤ تم
وہ بولا جو نہین کافر ہو یکسر
ہو ہو توجیہ کچھ فتوے نہ دیجیے
اگر کوئی حرف ردت کا کہے ہے
وگر مشکوک پس ایمان ہی ظاہر
یہ بات اسکی ہی میری جی کو بھاوے
ینابیع اندر اور تاتارخانی
بلفظ حرف ایمان کو نہ کھووے
نکاح از نو سے کر لے اسمین ای جان
نہو تا روز محشر مین تو معیوب
رکھے تو یاد اور بولے نہ یہ بات
تو جلدی توبہ کرے مرد دانا ہے
مین عاجز بندہ ولیکن بندہ ہون تیرا
کرم سے اپنے رکھنا تا قیامت

۴۴ عذاب [illegible]

تمام ہوئی کلمات کفر

بیان طلاق

مجھے اک بات اور اب یاد آئی
کہ جہل اس ملک مین شائع ہے بھائی

بچا وہ کفر کے کلمات سے گر
کیا اُسنے نکاح اپنا بھی از سر

مبادا لفظ کوئی مُنھ سے نکلے
کہ پڑجاوے طلاق اور کام بگڑے

صریح اُسنے طلاق اسکو کہا ہے
تو رجعی ہے گی ہر اک جانتا ہے

جو پھر خلوت مین لیجاوے بھلا ہے
کہ رجعت بے نکاح اسمین روا ہے

ولی پہونچے اگر تیجے کی نوبت
حلالہ بن نہین ہوتی ہے حلت

خرابی یہ تو بائن مین بڑی ہین
کہ اسکے لفظ جتنے ہین خفی ہین

جو نکلے مُنھ سے غفلت بین خبر نین
سبب بے علمی کے کچھ اُسکو ڈر نین

ہوئی عورت حرام اور ہے زنا وہ
نکاح پھر نو بنا عاصی ہوا وہ

پس بائن کنایت ہے گی منظور
طلاقی احتمالی غیر مذکور

کنایت کو نہین سمجھے ہین عامی
اسی سے ہوتے ہین لڑکے حرامی

پس انکا جاننا ہے سب پہ لازم
جماع ان کا حلال اولاد سالم

اگر مُنھ سے کوئی ناگہ بر آوے
جو واقف ہو نکاح از سر پڑھاوے

کنایت سے ہو جو رو اسکی بائن
نہین نزدیکی جائز عقد کے بن

کنایت مین ہے نیت شرط اے یار
غضب ہو یا طلاقون کا ہو تکرار

فصل

تو عدت بیٹھ جا اور رحم کر صاف
تجھے ہے ایک رجعی ہے یہ انصاف

سوا اسکے ہین بائن لفظ سارے
ولیکن شافعی رجعی پکارے

تو مجھسے ہے جدی یا کٹ گئی ہے
حرام اور خالی یا مجھسے بری ہے

جبل تیرا ہے ترے کاندھے اوپر
نکل جا اہل اپنے پاس اودھر

تجھے مین نے ترے لوگون کو بخشا
جدا تجکو کیا یا مین نے چھوڑا

یہ تیرا کام تیرے ہاتھ مین ہے
تو جا مختار رہیگی کیون لڑتی ہے

پر اُن دونون مین سی عورت جو مختار
ہووے وہ تو بائن ہووے ناچار

کہا تو سر کو ڈھنک لے اوڑھ چادر
یہان سے تو نکل جا گھر سی باہر

چلی جا اُٹھ کھڑی ہو ڈھونڈھ خاوند
یہ تینون بات بھی توڑے ہین پیوند

نہین ہے تو میری جورو کہا یا
نہین یا مین ترا خاوند ہون بولا

جو نیت ہو طلاق ان دو مین آوے
نہین تو لغو تیری بات جاوے

کہا یا زن کو تو آزاد ہے گی
تو چھپ جا دور رہ تو بھی پڑیگی

کہے مجھ پر ہے تو تو خمر جیسی
و یا خنزیر کے مانند تو ہے گی

رضا مین گر کہے یہ لفظ مستور
غضب ہو تو طلاقونکا ہو مذکور

تو بس نیت پہ ہی موقوف فرقت
اگر نیت نہین تو خوف کر مت

کہے تجھپر حرام اب مین تو ہونگا
جدا ہون تجھسے ہو نیت تو پڑ جا

مین تجھسے ہاتھ اُٹھایا بائنہ ہے
جو نیت ہو تو طلقہ لازمہ ہے

کہے کھولی ہین مین نی پانون تیرے
تو اس سے ایک رجعی پڑتی ہے

بری ہون تجھسے مین تو کچھ نہین ہے
اگرچہ ہووے نیت تو یو نہین ہے

کہے گر تو ہوا مین تجھسے بیزار
جو نیت ہو تو واقع ہووے ناچار

تو بیگانی ہے مجھسے بولا زن کو
یہ نیت سی طلاق اُسکو نہین ہو

کہا مجکو نہین تجھ ساتھ حاجت
نمی خواہم ترا ہووے نہ ثابت

نہ تھا مجھ تجھ مین کچھ عقد نکاحی
نہ واقع ہو یہ نیت سے مزاحی

نکاح اب مجھ مین تجھ مین کچھ نہین ہے
جو نیت سے کہا طلاق بنی ہے

یہی سب کتب سے مین منتخب کر
مسائل بھی لکھے ہین لانودل یہ

لکھے ہے اور باتین در مختار
مین وہ بھی تجھسے کر دیتا ہون اظہار

کہا جورو کو تو دوزخ چلی جا — جو نیت ہو طلاق اک اسکو پڑجا
کہا مین تیری چار دن سونگی راہ — طلاق اسکو نہ نیت ہو تو ہی گاہ
مگر کہدے کہ چار رستہ پکڑ تو — تو ہو جاوے جدا یہ یا دگر تو
کہا جو تو ہے طا و لام الف قاف — فلانے سے بھی اطلق رجعی ہے صاف
کہا جو تو ہے اطلاق پہ بلا شد — پڑیگی ایک رجعی لفظ ہے بد

دربیان ظہار گوید

کہے جورو کو تو ہے یان سے میری — بدن یا پیٹ ران ایسی ہے تیری
بہن یا بھانجی خالہ و پھوپھی — جیسے تشبیہ دے نہین بات اچھی
ظہار آیا اگر نیت ہے بیشک — وطی بوسہ حرام اسکو ہے ہر یک
طلاق اور یا کہ ہو تعظیم منظور — تو نیت معتبر ہے تا بہ مقدور
جو کچھ نیت نہین تو لغو ہے بات — لیا تو مفت مین یہ جھوٹ آفات
محرم مجھ پہ ہے جون پشت مادر — ظہار آیا ہے بے نیت مقرر
کرے آزاد بندہ جو غنی ہے — نہین تو ساٹھ روزے کی بنی ہے
نہین تو ساٹھ مسکین کو کھلاوے — دو وقتہ پیٹ بھر کر انکو لاوے
کفارت ہے یہی روزے کی تو جان — جو توڑے عذر بن کوئی مسلمان
پھر اسکے بعد ہو عورت کے نزدیک — یہ ہین قرآن مین تو جان لے ٹھیک

دربیان ایلا گوید

مہینے چار تک تجھ پاس نجاؤن — قسم کھائی ہے یہ ایلا بتاؤن
قسم کھا کر نہ سو یا ساتھ اسکے — طلاق اک اسکو بائن ہووے کس کے
جو پاس عورت کے اس مدت مین جاوے — کفارت قسم کی اسپر تو آوے
ہمیشہ کو قسم کھاوے تو سن لے — پڑینگی تین اسکو سال پیچھے

پڑیں جب تین تب کرے حلالہ | نہوگا اس قسم سے پھر کے ایلا
قسم کھا جو مسافر ہووے بیمار | زبانی ہے رجوع کرے وہ ناچار
اگر اسلام جو تجکو چاہیے ہے | کتابیں فقہ کی اک دو تو پڑھ لے
الٰہی اپنے دے بندوں کو توفیق | کریں تا علم دین کو خوب تحقیق
طفیل انکے الٰہی بخش کو بخش | محبت اپنی کا گنج اسکو تو بخش
ہزار اوپر دو صد سی سال گذرے ۱۲۳۰ | جو اس تالیف کی سن ہجری کو پوچھے

مناجات

یا الٰہی تجھ سے اب ہے التجا | از طفیل حضرت خیر الوریٰ
مومنوں کو دے تو توفیق صلوٰۃ | تا کریں وہ حفظ ترتیب الصلوٰۃ
دین کے سمجھیں مسائل بالضرور | تا خلاف دین سے انکو ہو نفور
پہلے ہی ماں باپ پر لازم یہ بات | دے تبا اولاد کو راہ نجات
بیٹے علم دین جتنا ہے ضرور | دے سکھا قبل بلوغت بے قصور
کچھ نہیں یاں خاص ہو عربی زبان | غرض مسئلہ سیکھنے سے ہے یہاں
اسلیے ہندی زبانمیں یہ کتاب | چھپ گئی پھر جو پائے ثواب
تیرہ سنو بیس سات از روے حساب | تھے سن ہجری چھپی جب یہ کتاب

یہ نسخہ تپ دق اور ذات الجنب کو بہت مفید ہے

براے افادہ عام درج کتاب ہذا ہے

لاوے طباشیر اور گلاب بوزن پانچ درم اور زعفران تین رتی اور مغز نیلوفر تین درم اور صمغ عربی تین درم اور تخم خیارین اور تخم خرفہ اور اصل السوس اور کشنیز خشک اور مغز تخم کدو پانچ درم صندل سفید گیارہ درم پس ان سب چیزوں کو باریک کوٹ کر گلاب کے پانی میں

گولیان بناوی ہر گولی پاؤتولہ برابر پھر جسکو یہ تپ آتی ہو ایک گولی دودھ مین ہر روز کھلاوے صبح اور شام امید قوی ہے کہ شافی مطلق اُس بیمار کو شفا بخشے اور یہ نسخہ تپ دق اور ذات الجنب دونون بیماریون کو مفید ہے اللہ تعالی سب مومنون کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی اور ہدایت نصیب کرے اور اس مؤلف کتاب حاجی محمد کاتب سمہ کو بدعا مغفرت یاد فرمائین آمین

خاتمة الطبع

الحمد للہ رب العالمین والصلوة علی رسولہ محمد وآلہ اجمعین اما بعد کتاب مستطاب حاوی مسائل فقہیہ مسمی بہ مجموعۂ ترتیب الصلوة کہ جس مین ستائیس ۲۷ رسالے حسب ذیل شامل ہین

وضو کی نیت اور دعائین	اذان کا بیان	نمازونکی نیتونکا بیان	طریق فاتحہ	نماز جنازہ کی ترکیب
بیان عقیقہ کا	صدقۂ عید الفطر	خطبۂ نکاح	محرمات نکاح	دعائے ختم قرآن شریف
دعائے گنج العرش	رسالۂ فضیلت درود شریف	درود حاضری	درود استغاث	درود اکبر
نود و نُہ نام باری تعالی عزاسمہ	نود و نُہ نام محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	حزب البحر	طریق دعوت حزب البحر	مناجات حضرت ابوبکر صدیق
فوائد متفرقہ	فقہ سعدی	فقہ المبین	دعائے سریانی مترجم	قصیدۂ غوثیہ مترجم

رسالۂ کلمات کفر	بیان طلاق

بعد تصحیح وتنقیح وسعی بالاکلام مؤلفہ مولوی محمد کاتب سمہ صاحب حسب ایماے جناب حاجی محمد عبد القیوم صاحب تاجر کتب کلکتہ ولسلی اسکوائر نمبر ۱۶ باہتمام محمد قمر الدین مطبع قیومی واقع کانپور محلہ ٹپکاپور مین ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۳۲۳ ہجری نبوی کو حلیۂ طبع سے آراستہ ہوکر شائع ہوئی